یہ معنے اس آیت سے مستفاد ہوتے ہین (نہین لوٹتا ملت ابراہیم سے کوئی مگر
وہ شخص جو بے وقوف ہو) یعنے جسنے اپنے رب کو معلوم نہین کیا +
حدیث جسنے اپنے نفس کو پہچانا وہ آرام مین ہوا یہ روایت
مرفوع نہین بلکہ سفیان بن عیینہ کا قول ہے نہین ضرر دیتی مدح
اوسکو جسنے اپنے نفس کو پہچانا یعنے وہ خلقت کی مدح اور ذم سے
آرام مین ہوا **حدیث** جو شخص عاشق ہوا اور برائی سے بچا اور اسکو
چھپایا اور مرگیا تو شہید ہوا۔ یہ سوید بن سعید نے علی بن مسہر سے
اوسنے ابی یحیی القتات اوسنے مجاہد سے اوسنے ابن عباس سے

به مرفوعا بلفظ فهو شهيد وهو مما انكره ابن معين
وغيره على سويد حتى حكى الحاكم عن يحيى بن معين
لما ذكر له هذا الحديث قال لو كان لي فرس ورمح غزوت سويدا
قال السخاوي ولكنه لم ينفرد به فقد رواه الزبير بن بكار
قال حدثنا عبد الملك بن عبد العزيز الماجشون عن
عبد العزيز بن ابي حازم عن ابن ابي نجيح عن مجاهد
به مرفوعا وهو سند صحيح وقد ذكره ابن حزم في معرض
الاحتجاج فقال فان اهلكت هوى اهلك شهيدا وان
ان تمنن بقيت قرير عين روى لنا هذا قوم ثقات
بالصدق عن كذب و مين وقال ابن الربيع تعفف اذا ما
خلى بالحبيب عالما ان يكون الهى ناظرا وشهيدا ففي خبر المختار
من عشق فعف كتما هواه اذا مات مات شهيدا قال السيوطي اخرجه
الحاكم في تاريخ نيسابور والخطيب في تاريخ بغداد وابن
عساكر في تاريخ دمشق واخرج الخطيب ايضا من حديث
عائشة بلفظ من عشق فعف ثم مات مات شهيدا و
اورده الديلمي بلا اسناد العشق من غير ريبة كفارة
للذنوب **حديث** من عصى الله في غربة رده الله
خائبا اي كربته ترجمه السخاوي ولم يتكلم عليه قلت لا
اصل له فيما اعلمه **حديث** من علم اخاه آية من كتاب
الله فقد ملك رقبته قال ابن تيمية موضوع وفي الذيل
هو كما قال **حديث** من فصل بيني وبين آلي بعلي
فعليه لعنتي او كذا باطل لا اصل له وهو من مفتريات
الشيعة الشنيعة **حديث** من قال في ديننا برأيه
فاقتلوه صنعه اسحق الملطي كما في الوجيز **حديث**
من تقدم لاخيه بريقا يتوضأ به فكانما تقدم جوادا قال

ان لفظوں سے مرفوع روایت ذکر کی ہی پس وہ شہید ہی اسکا ابن معین وغیرہ
نے سوید پر انکار کیا ہی حتی کہ حاکم نے یحیی بن معین سے حکایت کی ہی کہ جب اونکے آگے
یہ حدیث ذکر کی گئی کہا اونہوں نے اگر میرے پاس گھوڑا اور نیزہ ہوتا تو مین
سوید سے جنگ کرتا۔ کہا سخاوی نے بھی اس سے منفرد نہین ہوا بلکہ زبیر بن بکار نے
بھی مرفوع روایت بیان کی ہی کہا اونے حدیث کی ہمسے عبد الملک بن عبد العزیز
الماجشون نے عبد العزیز بن ابی حازم سے اوس نے ابن ابی نجیح سے اونہوں نے مجاہد
سے اور یہ سند صحیح ہی اور اسے ابن حزم نے حجت بھی پکڑی ہی اسطرح کہ کہا او
اگر تو حالت عشق مین ہلاک ہوگا تو تو شہید ہو کر مریگا اور اگر تو احسان کیا
گیا تو تو ٹھنڈی آنکھ باقی رہیگا یہ حدیث ہم سے ثقہ لوگون نے روایت کی ہی جو کذب
اور شک سے بچے ہوے ہین اور کہا ابن ربیع نے جب تو اپنی محبوبہ سے خلوت مین ہو
تو عفت اختیار کر یہ جان کر کہ خدا تعالی حاضر ناظر ہے اور خبر المختار مین ہے جس نے
عشق کو چھپایا اور گناہ سے بچا جب مریگا تو شہید ہو کر مریگا۔ کہا سیوطی نے اسکو حاکم
نے تاریخ نیسابور مین اور خطیب نے تاریخ بغداد مین اور ابن عساکر نے تاریخ
دمشق مین روایت کی ہی اور خطیب نے عائشہ سے بھی ان الفاظ سے روایت کی
ہے جو شخص عاشق ہوا اور گناہ سے بچا پھر جب مریگا تو شہید ہو کر مریگا اور دیلمی
نے بلا اسناد ذکر کی ہی بلا شک عشق گناہون کا کفارہ ہی **حدیث**
جو شخص حالت غربت مین اللہ تعالی کی نافرمانی کرے اللہ تعالی اوسکو تکلیف
مین رکھتا ہی سخاوی نے اسکو ترجمہ مین لایا اور اسپر کچھ کلام نہین کیا مین کہتا ہون
کہ میرے نزدیک اسکا کچھ اصل نہین **حدیث** جو شخص اپنے بھائی کو ایک آیت
کتاب اللہ سے سکھلاوے اوسکی گردن کا مالک ہو جاتا ہی کہا ابن تیمیہ نے یہ موضوع ہی اور
ذیل مین بھی ایسا ہی ہے **حدیث** جو شخص میرے اور میرے آل مین بلفظ علی
سے فاصلہ لاوے تو اوسپر میری لعنت (مراد اس سے لعنت وغیرہ ہی) باطل ہے اسکا کچھ اصل
نہین یہ شیعون کا افترا ہی **حدیث** جنہوں نے ہمارے دین مین اپنی رائے سے کچھ بات کہے
تو اوسکو قتل کرو اسپر اسحاق ملطی نے وضع کا حکم کیا ہی ایسا ہی وجیز مین ہے **حدیث**
جس نے اپنے بھائی کے آگے لوٹا وضو کرنے کو لیکر گویا اوس نے گھوڑا آگے کیا۔ کہا

ابن تیمیۃ هو موضوع وفی الذیل هو کما قال حدیث
من قرأ بالبقرة ولم یدع بالشیخ فقد ظلم قال السخاوی
لا اصل له قلت لعل اصله ان من کان من الصحابة
اذا قرأ الزهراوین کان جلیلا عندهم حدیث من
قرأ بالقرآن منکوسا القی فی النار منکوسا موضوع حدیث
من قرأ فی الفجر بالم نشرح والم ترکیف لم یرمد قال السخاوی لا اصل له
وکذا قراءة سورة انا انزلنا عقیب الوضوء لا اصل له وهو مفوت
سنته انتهی اراد انه لا اصل له فی المرفوع والا فقد ذکره
الفقیه ابو اللیث السمرقندی وهو امام جلیل واما قوله
وهو مفوت سنته ای سنة الوضوء لیس له سنة مستقلة
کما حققه الغزالی وانما یستحب ان یصلی بعد کل وضوء ولم یشترط
احد فوریتها بعده فلا ینافی قراءة سورة وغیرها عقیب
الوضوء قبل الصلوٰة نعم قیل الاولی ان یصلی قبل ان ینشف
اعضاء وضوئه والله اعلم حدیث من قصدنا وجب حقه
علینا قال السخاوی لم اقف علیه لکن فی معناه للسائل
حق وان جاء علی فرس وقد مضی قلت وکذا لکن فی
معناه اذا اتاکم کریم قوم فاکرموه ولا شک ان کل مؤمن
کریم عند الله بشهادة قوله تعالیٰ ان اکرمکم عند الله
اتقاکم حدیث من قضی صلوات من الفرائض فی
عمره فی رمضان قال السخاوی لم اجده لکن نقل الامام احمد
علی استحبابه وکان الشرف الدمیاطی یأثر ذلک عن بعض
مشایخه حدیث من قضی صلوة من الفرائض فی
آخر جمعة من شهر رمضان کان ذلک جابرا لکل صلوٰة
فائتة فی عمره الی سبعین سنة باطل قطعا لانه مناقض
للاجماع علی ان شیئا من العبادات لا یقوم مقام

ابن تیمیہ نے موضوع ہے اور ذیل میں بھی ایسا ہی ہے **حدیث** جو شخص سورہ
بقرہ پڑہتا ہے اور اوسکو شیخ کہکر نہین پکارا جاتا تو وہ مظلوم ہے کہا
سخاوی نے اسکا کچھ اصل نہین مین کہتا ہون شاید اصل اسکا یہ ہے جو شخص صحابہ
سے زہراوین یعنی سورہ بقر اور سورہ آل عمران پڑہتا تہا وہ انکی نزدیک بزرگ ہوتا
تہا **حدیث** جو شخص قرآن کو اُلٹا پڑہے تو وہ آگ مین اُلٹا کرکی ڈالا جائیگا
موضوع ہے **حدیث** جو شخص فجر مین الم نشرح اور الم ترکیف پڑہے تو اوسکی آنکہین بیمار
نہین ہوتین کہا سخاوی نے اسکا کچھ اصل نہین ہے اور انا انزلناہ وضو کی بعد پڑہے اسکا بھی
کچھ اصل نہین بلکہ اس سے سنت فوت ہوتی ہے انتہی اسکا ارادہ یہ ہے کہ یہ مرفوع نہین ورنہ
اسکو فقیہ ابو اللیث سمرقندی نی ذکر کیا ہے حالانکہ وہ بڑا جلیل القدر امام ہے اور مراد
اس قول سے (سنت فوت ہوتی ہے) نفل وضو کی ہے اسمین یہ شبہ ہے غزالی نی تحقیق
کی ہے کہ وضو کی لئے کوئی سنت مستقل نہین ہے بلکہ مستحب ہے کہ وضو کی بعد نماز پڑہی
جائے اور وضو کی بعد جلدی پڑہنا کسی نے شرط نہین کیا تو وضو کی بعد نماز سے پہلے
سورہ وغیرہ پڑہنی کچھ اوسکی منافی نہوئی ہان بعضو نے کہا ہے اولیٰ یہ ہے کہ وضو کے اعضا
کا پانی خشک ہونیسے پہلے نماز پڑہی جاے واللہ اعلم **حدیث** جس نے ہمارا قصد
کیا۔ اوسکا حق ہمپر واجب ہوا کہا سخاوی نے مین اسپر واقف نہین ہوا لیکن
اسکے معنی مین یہ ہے سوال کرنیوالے کیلئے حق ہے اگرچہ گہوڑی پر آئے اسکا حال بھی گذر چکا
مین کہتا ہون اسیطرح اسکے معنے مین ہے جب تمہارے پاس کسی قوم کا معزز آدمی آئے تو اوسکی تعظیم
کرو اور شک نہین کہ ہر مومن اللہ کے نزدیک معزز ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ کی شہادت دیتی
ہے (تحقیق عزت والا تم سے اللہ کے نزدیک وہ ہے جو تم سے زیادہ متقی ہے) **حدیث**
جو شخص اپنے ناخن مخالفت سے اتارے تو اپنی آنکہون مین بیماری نہین دیکہیگا کہا سخاوی
نے مین نے اسکو نہین پایا لیکن امام احمد نے اسکے مستحب ہونے پر تصریح کی ہے اور
شرف دمیاطی بعض مشایخ سے بھی نقل کرتا تہا **حدیث** جو کوئی آخر
جمعہ رمضان مین فرض قضا کرے تو ستر برس کی عمر تک اوسکی فوت
نماز کا بدلہ ہو جاتا ہے یہ قطعاً باطل ہے اس لئے کہ اجماع کے
مخالف ہے کہ کوئی شئے عبادات سے قائم مقام کسی برسون

ثلثة سنوات ثم لاعبرة بنقل النهاية ولا بقية
شراح الهداية فانهم ليسوا من المحدثين ولا اسندوا
الحديث الى احد من المخرجين **حديث** من قطع
رجاء من ارتجاه قطع الله منه رجاه يوم القيمة فلم يلج
الجنة ينسب لحيوة الحيوان الكبرى معرف الاحمد عن
ابی هريرة به مرفوعا وقال السخاوی وذلك مختلق
على احمد **حديث** من كتم سره ملك امره قال
السخاوی ليس فی المرفوع **حديث** من كثرت صلوته
بالليل حسن وجهه بالنهار لا اصل له وهو موضوع
من غير قصد فقد اتفق ائمة الحديث على انه من
قول شريك قاله الثابت لما دخل عليه ذكره السخاوی
حديث من لبس نعلا صفراء قل همه يروى عن ابن عباس
مرفوعا بلفظ لم يزل فی سرور ما دام لابسها ابدا لا
قل همه وقال ابن ابی حاتم عن ابيه انه كذب موضوع
وعزاه الزمخشری فی الكشاف لعلی بلفظ النبی صلى الله عليه وسلم
وكان المأخذ قوله تعالى (صفراء فاقع لونها تسر الناظرين)
حديث من لعب بالشطرنج فهو ملعون قال النووی
لا يصح بل هو كذب لم يثبت من المرفوع فی هذا الباب
شئ ذكره السخاوی وقلت وقد ورد ملعون من لعب
بالشطرنج والناظر اليها كالآكل لحم الخنزير رواه
ابن عبدان وابو موسى وابن حزم عن حبة بن مسلم
مرسلا كذا فی الجامع الصغير للسيوطی وهو ملتزم
انه لا يذكر فيه موضوعا والمرسل حجة عند الجمهور
فغاية الامر فيه ان سنده ضعيف يتقوى باحاديث
ثابتة وردت فی ذم الشطرنج **حديث**

کی ہوتی نماز وتر کہ نہیں ہوسکتی صاحب نہایہ اور بقیہ شارحین ہدایہ کی نقل
کا کچھ اعتبار نہیں اسلیئے کہ وہ محدثین سے نہیں ہیں اور نہ انہوں نے کسی مصنف
کے طرف حدیث کو مسند کیا ہے **حدیث** جو شخص کسے کی امید قطع کرے تو
اللہ تعالی اوسکی امید قیامت کے دن قطع کرتا ہے پس وہ جنت میں داخل نہوگا
یہ حیوۃ الحیوان کبری احمد میں ابی ہریرہ سے مرفوع روایت ذکر کی گئی ہے اور کہا سخاوی
نے یہ احمد پر مختلق ہے **حدیث** جس شخص نے اپنا بھید چھپایا وہ اپنے
امر کا مالک ہوا۔ کہا سخاوی نے یہ مرفوع نہیں ہے **حدیث** جو شخص رات
کے وقت بہت نماز پڑھے دن کے وقت اسکا منہ روشن ہوتا ہے اسکا کچھ
اصل نہیں یہ قصداً بنائی نہیں گئی اسلیئے کہ اماما ن حدیث نے اتفاق کیا ہے کہ شریک
کا قول ہے اسنے ثابت کو کہا تھا جبکہ ثابت اسپر داخل ہوا یہ سخاوی نے ذکر کیا ہے **حدیث**
جو شخص زرد جوتا پہنے اسکو غم کم ہوتا ہے - ابن عباس سے اسطرح
مرفوع روایت ہے وہ ہمیشہ خوشی میں رہتا ہے جبتک اسکو پہنے رکھے
اور ابن ابی حاتم نے اپنے باپ سے نقل کیا ہے کہ یہ کذب ہے موضوع ہے اور
زمخشری نے کشاف میں علی کیطرف منسوب کیا ہے اور ماخذ اسکا قول اللہ تعالی
کا ہے (زرد ہے بہت زرد رنگ اسکا خوش کرتی ہے دیکھنے والوں کو) +
حدیث جو شخص شطرنج کی کھیلے وہ ملعون ہے کہا نووی
نے یہ صحیح نہیں بلکہ کذب ہے کوئی شے مرفوع اسمیں ثابت
نہیں ہے یہ سخاوی نے ذکر کیا ہے میں کہتا ہوں ابن عبدان اور
ابو موسی اور ابن حزم نے حبہ بن مسلم سے مرسل روایت ذکر کی ہے
کہ شطرنج کے کھیلنے والا ملعون ہے اور دیکھنے والا سور کا
گوشت کھانے والے کی مثل ہے ایسا ہے جامع صغیر سیوطی کا
ہے حالانکہ اس نے التزام کیا ہے کہ کتاب میں موضوع حدیث نہ
لاؤنگا اور مرسل جمہور کی نزدیک حجت ہے غایت یہ ہے کہ سند
اسکے ضعیف ہے اور صحیح حدیثیں ذم شطرنج میں جو
آئے ہیں اون سے یہ قوت پاتی ہے **حدیث**

من قطع رجاء من ارتجاه

من لبس نعلا صفراء قل همه

من لعب بالشطرنج فهو ملعون

من لم يداوم على اربع قبل الظهر لم تنله شفاعتى ذكره السيوطى فى اخر كتاب الموضوعات ان الحافظ ابن حجر يعنى العسقلانى سئل عنه فاجاب بانه باطل لا اصل له **حديث** من لم يخف الله خف منه لم يثبت مبناه وصحيح معناه **حديث** من لم يصلحه الخير يصلحه الشر هو من كلام بعض السلف **حديث** من لم يكن عنده صدقة فليلعن اليهود لا يصح **حديث** من لانت كلمته وجبت محبته من كلام على قاله الخطيب **حديث** من لم ينفعه علمه ضره جهله لا اعرفه **حديث** من نصح جاهلا عاداه جاء عن بعض السلف وليس فى شئ من المسندات قال السخاوى ولا استحضره بل روى الخطيب عن معمر بن المثنى لا تردن على ذى خطا خطاه فيستفيد منك علما ويتخذك عدوا **حديث** من وسع على عياله فى يوم عاشوراء وسع الله عليه السنة كلها وفى رواية سائر سنته قال الزركشى لا يثبت انما هو من كلام محمد بن المنتشر قال السيوطى كلا بل هو ثابت صحيح اخرجه البيهقى فى الشعب من حديث ابى سعيد الخدرى وابى هريرة وابن مسعود وجابر رضى الله عنهم وقال اسانيده كلها ضعيفة ولكن اذا ضم بعضها الى بعض افاد قوة وقال الحافظ ابو الفضل العراقى فى اماليه حديث ابى هريرة هذا ورد من طرق صحح بعضها ابو الفضل بن ناصر واورده ابن الجوزى فى الموضوعات من طريق سليمان بن ابى عبد الله عنه وقال سليمان مجهول ذكره ابن حبان فى الثقات قال فالحديث حسن على رايه قال وله طرق عن جابر على شرط مسلم اخرجه

جو شخص چار رکعت پر قبل ظہر کے ہمیشگی نہ کرے اوسکو میری شفاعت نہ پہونچے گی سیوطی نے آخر کتاب موضوعات مین ذکر کیا ہے کہ عسقلانی سے اسکی بابت جو سوال ہوا اوسنے جواب دیا کہ یہ باطل ہے اسکا کچھ اصل نہین **حدیث** جو شخص اللہ تعالی سے نہ ڈرے تو اوس سے خوف کر۔ اسکی بنا صحیح نہین اور معنے صحیح ہین **حدیث** جسکے خیر صلاحیت نہ کرے تو شر اوسکی صلاحیت کرتا ہے یہ بعض سلف کی کلام ہے **حدیث** جسکی پاس صدقہ نہو وہ یہود پر لعنت کرے صحیح نہین **حدیث** جسکی کلام نرم ہوا اوسکی محبت واجب ہے کہا خطیب نے یہ علی کی کلام ہے **حدیث** جس شخص کو اوسکا علم نفع نہ دے تو جہل اوسکو ضرر دیتا ہے۔ مین اسکو نہین جانتا **حدیث** جو شخص جاہل کو نصیحت کرے وہ اوسکو دشمن سمجھتا ہے یہ بعض سلف کا قول ہے اور کسی سند مین نہین ہے اور کہا سخاوی نے مین اسکو نہین جانتا اور خطیب نے معمر بن مثنی سے روایت کی ہے متکبر پر اسکا خطا ظاہر نہ کر اسلئے کہ تیری سے حاصل کریگا اور پھر تجھے دشمن اپنا سمجھیگا **حدیث** جو شخص اپنے عیال پر عاشورہ کی دن فراخی کریگا اللہ تعالی اوسپر تمام برس فراخی کریگا اور ایک روایت مین کل کیجگہ سائر کا لفظ آیا ہے معنے دونو کی ایک ہین کہا زرکشی نے یہ ثابت نہین بلکہ محمد بن منتشر کی کلام ہے کہا سیوطی نے اسطرح ہرگز نہین بلکہ یہ ثابت صحیح ہے بیہقی نے شعب مین ابی سعید خدری اور ابو ہریرہ اور ابن مسعود اور جابر رضی اللہ عنہم سے روایت کی ہے اور کہا سندین سب کے ضعیف ہین لیکن جب بعض بعض کیطرف ملائی جائین تو قوی ہو جاتے ہین اور کہا حافظ ابو الفضل عراقی نے امالی مین حدیث ابو ہریرہ کے بہت طرق سے آئی ہے بعضون کی ابو الفضل بن ناصر نے تصحیح کی ہے اور ابن جوزی نے اسکو طریق سلیمان بن ابی عبد اللہ سے موضوعات مین لایا ہے اور کہا سلیمان مجہول ہے ابن حبان نے اسکو ثقہ لکھا ہے کہا اوسنے پس یہ حدیث اسکی رای پر حسن ہے کہا اور اسکے لئے بہت طرق جابر سے شرط مسلم پر ہین

ابن عبد البر فی الاستذکار من روایة ابی الزبیر عنه
وهی اصح طرقه قال وقد ورد ایضا من حدیث
ابن عمر واخرجه الدارقطنی فی الافراد موقوفا علی ابن
عمر وقد اخرجه ابن عبد البر بسند جید ورواه البیهقی
فی الشعب عن محمد بن المنتشر قال کان یقال فذکره
وقد جمعت طرقه فی جزء هذا کلام العراقی فی امالیه
نقله السیوطی وقال قد لخصت الجزء الذی جمعه
فی التعقبات علی الموضوعات **حدیث** من یخطب
الحسناء یعط مهرها لیس بحدیث ولعل الحسناء
کنایة عن الحسنة المعبر عنها فی التنزیل بالحسنی و
مهرها کنایة عن الاعمال الصالحة المستحسنة **حدیث**
من تمام الحج ضرب الجمال هو من کلام الاعمش قاله ابن الربیع
قلت قد صح ضرب الصدیق جماله فی حجة الوداع بحضرة
النبی صلی الله علیه وسلم ولم ینکر علیه فدل علی ان المراد
منه اضافة المصدر الی فاعله وقیل اضافته الی المفعول
وهو الاظهر ومعنی التمام اشهر والمعنی انه یحمل فی سبیله
حتی یضر وبهان فی الله المستعان **حدیث** من حسن المرافقة
الموافقة ترجمه السخاوی ولم یتکلم علیه قلت ومعناه
ما فی المثل لولا الوئام لهلک الانام **حدیث**
من علامة الساعة التدافع عن الامامة لیس
بحدیث ومعناه صحیح ذکره ابن الربیع وقد ورد عن
سلامة بنت الحر مرفوعا ان من اشراط الساعة
ان یتدافع اهل المسجد لا یجدون اماما یصلی بهم رواه
احمد وابوداود وابن ماجة **حدیث** من
فتنة العالم ان یکون الکلام احب الیه من السکوت

اسکو ابن عبد البر نے استذکار مین ابی الزبیر سے روایت کی ہی اور یہ صحیح طریقہ
ہے کہا اوس نے یہ ابن عمر سے بھی مروی ہے، اور دار قطنی نے افراد
مین ابن عمر سے موقوف روایت ذکر کی ہی اور اسکو ابن عبد البر سند جید سے
لایا ہے اور بیہقی نی شعب مین محمد بن منتشر سے روایت کی ہے
کہا اوس نے یہ مشہور تھی اوس نے ذکر کر دیا اور مینے اوسکے سب طرق ایک
رسالہ مین جمع کیے مین یہ کلام عراقی کے امالی مین ہی سیوطی نی اسکو
نقل کیا ہی اور کہا سیوطی نے مینے اسکے رسالہ کا تعقبات علی الموضوعات مین
اختصار کیا ہے **حدیث** جو شخص حسین عورتون سے خطبہ کرے تو اوسکو
مہر دے یہ حدیث نہین شاید مراد حسنا سے وہ ہی جو قرآن مین الحسنے سے
تعبیر کیا گیا ہے اور مراد مہر سے اعمال صالح ہین **حدیث**
اونٹون کا مارنا حج کے تتمات سے ہے - کہا ابن ربیع نے یہ اعمش
کے کلام ہے مین کہتا ہون حجة الوداع مین ابوبکر صدیق کا اونٹنی
کو مارنا آنحضرت کی روبرو ثابت ہی اور آپنے اوسپر انکار نہین کیا
پس ثابت ہوا کہ مراد اس سے اضافت مصدر کی ہی فاعل کیطرف اور
بعضون نے کہا ہی اضافت مصدر کے مفعول کیطرف ہی یہی ظاہر
ہے اور معنے لفظ تمام کی مشہور ہین اور حدیث کے معنے یہ ہین کہ اونٹ
پر راستہ مین بوجھ لادا جاوے تاکہ مارا جاوے اور خوار کیا جائے اور اللہ تعالی مددگار ہے
حدیث موافقت بہتر دوستی ہی سخاوی نے اسکو ترجمہ مین لایا ہی اور اسپر
کلام نہین کیے مین کہتا ہون اسکے یہ معنے ہین جو اس مثال کے ہین اگر موافقت نہ ہوتی
تو خلقت ہلاک ہو جاتی **حدیث** قیامت کے علامتون سے ہی امامت سے جھگڑنا
ابن ربیع نے ذکر کیا ہی کہ یہ حدیث نہین ہے، اور معنی اسکے ثابت ہین اور
سلامت بنت حر سے مرفوع روایت آئی ہے قیامت کی علامتون سے ہی کہ اہل مسجد
باہم تدافع کرینگے کوئی امام نہ پاوینگے جو انکو نماز پڑھاوے اسکو احمد اور
ابوداؤد اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہی **حدیث** عالم کے
فتنہ سے ہے کہ کلام اسکو سکوت سے پسند ہو +

ذکر الحدیث بطوله فی الاحیاء وقال العراقی رواه ابو نعیم وابن الجوزی فی الموضوعات وکذا ذکره فی المختصر **حدیث** من الذنوب ذنوب لا یکفرها الا الوقوف بعرفة فی الاحیاء وقال العراقی لم اجد له اصلا **حدیث** موتوا قبل ان تموتوا قال العسقلانی انه غیر ثابت **قلت** هو من کلام الصوفیة والمعنی موتوا اختیارا قبل ان تموتوا اضطرارا والمراد بالموت الاختیاری ترک الشهوات واللهوات فی ما یترتب علیها من الذلات والغفلات **حدیث** الموت کفارة لکل مسلم ذکره ابن الجوزی فی الموضوعات ولم یصب فیه کما ذکره العراقی فی امالیه من انه ورد من طرق یبلغ بها رتبة الحسن انتهی رواه البیهقی فی الشعب والقضاعی من حدیث انس مرفوعا وصححه ابو بکر بن العراقی **حدیث** المؤمن اذا قال صدق واذا قیل له صدق لا یعرف بهذا اللفظ وکانه مقتبس من قوله (والذی جاء بالصدق وصدق به اولئک هم المتقون) والمراد بالمؤمن هو الکامل واستأنس السخاوی بشقه الاول یعنی حدیث یطبع المؤمن علی کل جبلة غیر الخیانة والکذب وفی الثانی بحدیث رأی عیسی بن مریم رجلا یسرق فقال له اسرقت فقال لا والذی لا اله الا هو فقال آمنت بالله وکذبت عینی بل روی ابن ماجه عن ابن عمر من حلف بالله فلیصدق ومن حلف له بالله فلیرض ومن لم یرض بالله فلیس من الله **حدیث** المؤمن سریع الغضب سریع الرجوع

یہ احیا مین لمبی حدیث کا ایک ٹکڑا ہے اور کہا عراقی نی اسکو ابونعیم اور ابن جوزی نے موضوعات مین ذکر کیا ہی اور ایسا ہی مختصر مین ہی **حدیث** گناہون سے بعض ایسے گناہ ہین کہ وقوف عرفہ کے ماسوا انکا کچھ کفارہ نہین ہے۔ احیا مین ہی اور کہا عراقی نی مینی اسکا اصل نہین پایا **حدیث** مرو پہلے مرنیسے کہا عسقلانی نی یہ ثابت نہین ہے۔ مین کہتا ہون یہ صوفیکی کلام ہی اور معنی اسکے یہ ہین مرو تم اپنے اختیار سی پہلے اسکے کہ مرو تم اضطرار سی اور مراد موت اختیاری سے شہوات اور کہیلون کا ترک کرنا ہی اور جو اسی ذلت اور غفلت مترتب ہوتی ہے **حدیث** موت ہر مسلمان کیلئے کفارہ ہی۔ ابن جوزی نے اسکو موضوعات مین ذکر کیا او صواب کو نہین پہونچا اسلئے کہ عراقی نے امالی مین ذکر کیا ہی کہ یہ حدیث بہت طریق کی سبب سے حسن کے رتبہ کو پہونچ گئی ہے انتہی اور بیہقی نے شعب مین اور قضاعی نی انس سے مرفوع روایت کی ہے اور ابو بکر بن عراقی نی اسکے تصحیح کی ہی **حدیث** مومن جب کچھ کہتا ہے سچ کہتا ہے اور جب اسکو کچھ کہا جاوی تو اوسکی تصدیق کرتا ہے ان الفاظ سے معلوم نہین ہوئی گویا اس آیت کا اقتباس ہے (وہ شخص کہ آیا ساتھ صدق کے اور اسکی تصدیق کی وہ لوگ متقی ہین) اور مراد مومن سے کامل ہے سخاوی نے پہلے شق پر اس حدیث کی عنہ سے دلیل پکڑی ہے مومن ہر خصلت پر پیدا کیا جاتا ہی سوائی خیانت اور کذب کی اور دوسرے شق پر اس حدیث سے عیسی بن مریم علیہما السلام نے ایک شخص کو چوری کرتے دیکھا کہا کیا تونے چوری کی ہی کہا اوسنے نہین قسم مجھے اوسکی جسکے سوا کوئی معبود نہین ہے فرمایا عیسی علیہ السلام نے مین اللہ تعالی سے ایمان لایا اور میری آنکھون نے جھوٹھ دیکھا بلکہ ابن ماجہ نے ابن عمر سے روایت کی ہے جو شخص اللہ تعالی کی قسم کہائی تو سچ کہائے اور جسکے لئے قسم کہائی تو چاہیے کہ وہ راضی ہو جائے اور جو شخص اللہ تعالی سے راضی نہو پس وہ اللہ تعالی سے کسی شئے مین نہین **حدیث** مومن جلد غصہ کرنے والا اور

كذا اورده الغزالي في الاحياء وقال المخرج انه لم يجده
هكذا قلت هو معنى حديث الحدة تعتري لخيار
امتي وقد جاء في حديث طويل ان المؤمن قد يكون
سريع الغضب سريع الفيء فتلك بتلك وقد يكون بطئ
الغضب سريع الفيء فهذا هو المؤمن الكامل و
الناقص من يكون حاله بالعكس **حديث**
المؤمن يسير المؤنة قال الصغاني موضوع **حديث**
المؤمن غر كريم والمنافق خب لئيم قال الصغاني موضوع من
احاديث المصابيح ولم يصب فقد رواه احمد عن ابي هريرة
به مرفوعا ولفظ الفاجر بدل المنافق والخب بالكسر و بالفتح
الخداع ومعنى غر كريم انه ليس بذي مكر وهو ينخدع
لانقياده ولينه **حديث** المؤمن حلوي والكافر خمري
قال العسقلاني باطل لا اصل له قلت قد تقدم انه عليه السلام
كان يحب الحلواء والعسل وسبق ان قلب المؤمن يحب الحلواء
حديث المؤمن ليس بحسود في الاحياء وقال العراقي لم
اقف له على اصل قلت ومعناه صحيح والمراد بالمؤمن
الكامل لقوله تعالى (ونزعنا ما في صدورهم من غل)
اي حسد وحقد **حديث** المؤمن ملقى والكافر
موقى ليس بحديث والمعنى ان المؤمن ملقى بالبلايا
لتكفير ماله من الخطايا والكافر محفوظ عن البلايا
محفوف بالنعماء ليبقى عليه البقايا ولان الدنيا سجن المؤمن
وجنة الكافر **حديث** المؤمن مؤتمن لا
اصل له مرفوع وانما هو من قول مالك وغيره من
العلماء بلفظ الناس مؤتمنون على انسابهم **حديث**
المؤمن ينخدع من كلام سعيد بن جبير ذكره في

ایسا ہی غزالی احیا مین لایا ہے اور کہا مخرج نے اس طرح نہین پائی
گئی مین کہتا ہون یہ معنی حدیث کی ہین تیزی قصد کرتی ہے بہتر
امت کے خیار لوگونپر اور لمبی حدیث مین آیا ہے کہ مومن کو جلدی غصہ آتا ہے
اور جلدی دور ہوتا ہی پس اوسکا بدلہ ہو گیا اور کسی مومن کو دیر سے غصہ
آتا ہی اور دیر سے دور ہوتا ہی پس یہی ایک دوسرے کا بدلہ ہو گیا اور کسی مومن کو
دیر سے غصہ آتا ہے اور جلدی دور ہوتا ہی پس یہ مومن کامل ہے اور ناقص وہ
جسکا حال اسکے برعکس ہو **حدیث** مومن تھوڑی تکلیف والا ہے کہا
صغانی نے موضوع ہے **حدیث** مومن فریب کھانے والا بزرگ کریم ہے اور منافق فریب دینے
والا بخیل ہے یہ حدیث مصابیح کی ہے کہا صغانی نے موضوع ہے اور یہ ٹھیک نہین
پہونچا اسلیے کہ احمد نے ابی ہریرہ سے مرفوع روایت کی ہے اور اسمین منافق کی جگہ فاجر
کا لفظ ہی اور خب بالکسر و بالفتح فریب کو کہتے ہین اور معنی غر کریم کے یہ ہین کہ مومن مکر
نہین کرتا بلکہ بسبب فرمانبرداری اور نرمی کے فریب دیا جاتا ہے **حدیث** مومن حلوی
ہے (یعنے حلوے کو دوست کہتا ہے) اور کافر شرابی ہے (یعنے شراب کو دوست کہتا ہے)
کہا عسقلانی نے یہ باطل ہے اسکا کچھہ اصل نہین مین کہتا ہون پہلے گذر چکا ہے کہ
آنحضرت حلوا اور شہد کو دوست رکھتے تھے اور گذر چکا ہے کہ مومن کا دل حلوا کو دوست
رکھتا ہے **حدیث** مومن حسد نہین کرتا احیا مین ہے کہا عراقی نے مین اسکے اصل
پر واقف نہین ہوا مین کہتا ہون معنے اسکے صحیح ہین مراد اس سے مومن کامل ہے جیسا کہ
اللہ تعالی نے فرمایا ہے (اور ہم نے انکے دلون کا حسد کھینچ لینگے) **حدیث** مومن ملنے
والا ہے اور کافر بچنے والا ہے یہ حدیث نہین معنے یہ ہین مومن پر مصیبتین آتے ہین اوسکے
گناہ دور کرنیکے لئے اور کافر مصیبتون سے محفوظ رہتا ہے اور نعمتون مین گھرا رہتا
ہے تاکہ وبال ونکا اوسپر ہمیشہ رہی اور اسلیے دنیا مومن کیلئے قیدخانہ ہے
اور کافر کیلئے جنت ہے **حدیث** مومن اپنی نسب کا امانت دار ہے یہ مرفوع
نہین عالمون سے مالک وغیرہ کا قول اس طرح ہے آدمی اپنے نسبونپر امانتدار
ہین **حدیث** مومن فریب کہا جاتا ہے یہ شعب
مین ہے کہ یہ سعید بن جبیر کے کلام سے ہے ++

الشفاء والمعنی ان المؤمن المحمود من طبعه العزة
وقلة الفطنة للشر وترك البحث عنه وليس ذلك منه
جهلا ولكن كرما وحسن خلق وحلما **حديث** المؤمن
يغبط والمنافق يحسد من كلام الفضل **حرف النون**
حديث الناس بزمانهم اشبه منهم بآبائهم قيل
انه من كلام عمر رضي الله عنه وقيل انه قول علي وهو الاشهر
الاظهر **حديث** الناس على دين مليكهم او ملوكهم
قال السخاوي ولا اعرفه حديثا وهو قريب مما قبله معنى
حديث الناس بالناس هو معنى الحديث الصحيح
امتي كالبنيان يشد بعضه بعضا **حديث**
الناس مجزيون باعمالهم عزاه السخاوي الى النحويين
تمامه ان خيرا فخير وان شرا فشر وقال الجلال السيوطي
في درره ذكره ابن جرير في تفسيره عن ابن عباس
موقوفا قلت وفي التنزيل هل تجزون الا ما كنتم تعملون
حديث الناس نيام فاذا ماتوا انتبهوا هو من قول
علي كرم الله وجهه **حديث** نبذ القمل يورث
النسيان يروى في حديث مرفوع شديد الضعف وفي
سنده الحكم بن عبد الله الايلي المتهم بالوضع والكذب
كما قاله ابن عدي في كامله **حديث** النبي لا يؤلف
تحت الارض اي لا يكمل الالف بعد موته بل تقوم
القيمة قبله وهو باطل لا اصل له وممن صرح ببطلانه
الغز الديريني في الدرر الملتقطة وقال انه مما نقل عن
علماء اهل الكتاب ولا يصح بل كلما ورد فيه تحديد
الوقت يوم القيمة على التعيين فاما ان لا يكون له اصل
او لا يثبت اسناده قلت وقد ضعفه السيوطي في

معنے اسکے یہ ہین کہ مومن محمود کی طبیعت سے ہے شرارتون کو نہ سمجھنا
اور بحث نہ کرنا اسلئے کہ کرم اور حسن خلق کا موجب ہے نہ جہل کا **حدیث**
مومن غبطہ کرتا ہے اور منافق حسد کرتا ہے یہ کلام فضل کے ہے **حرف**
نون - حدیث آدمی جسقدر مشابہت اپنی باپون سے
رکھتے ہین اس سے زیادہ مشابہت زمانہ سے رکھتے ہین - بعضون نے کہا
ہے قول علی کا بھی اور یہی مشہور ہے **حدیث** آدمی بادشاہون
کے دین پر ہین - کہا سخاوی نے مین اسکو حدیث نہین جانتا یہ معنے مین
پہلے حدیث کی قریب ہے **حدیث** آدمی ساتھ آدمیون کے ہین
یہ صحیح حدیث کی معنے ہین امت میری بنیاد کی شکل ہے بعض بعض نے
تقویت رکھتی ہے **حدیث** آدمی موافق عملون کے بدلا دیئے
جائینگے سخاوی نے اسکو نحویون کیطرف منسوب کیا ہے اور آگا اسکے یہ ہے
خیر کا بدلہ خیر اور شر کا بدلہ شر کہا جلال الدین سیوطی نے درر مین ابن جریر نے
تفسیر مین ابن عباس کا قول نقل کیا ہے مین کہتا ہون قرآن مین ہے
(نہ بدلہ دیئے جاؤگے مگر جو تم کرتے ہو) **حدیث** آدمی سوئے ہوئے ہین جب
مرتے ہین بیدار ہوجاتے ہین - یہ حضرت علی رض کا قول ہے **حدیث** قمل کا
گرانا نسیان پیدا کرتا ہے - اسکی سند بہت سخت ضعیف ہے اور اسکے سند
مین حکم بن عبداللہ الایلی ہے جو وضع اور کذب سے متہم ہے جیسا کہ ابن عدی نے
کامل مین لکھا ہے **حدیث** نبی زمین کی نیچے ہزار برس نہین
گذارتا یعنے نبی اپنے موت کی بعد ہزار سال پورے نہین کرتا کہ قیامت
اس سے پہلی قائم ہوجاتی ہے یہ باطل ہے اسکا کچھ اصل نہین ہے
اور اسکے بطلان پر الغز الدیرینی نے درر الملتقط مین تصریح
کی ہے اور لکھا اوس نے یہ علماء اہل کتاب سے
منقول ہے اور صحیح نہین بلکہ جس مین قیامت کے
دن کی حد آئے یا تو اس کا کچھ اصل ہے نہین
یا سند اس کی ثابت نہین مین کہتا ہون سیوطی نے

رسالته الكشف عن مجاوزة هذه الامة الالف
وقد تحقق قوله سيجاوزون عن الالف ببضعة عشرة
سنة **حديث** النساء تنتصر بعضهن بعضا من هو
قول عكرمة وقد ادرج في حديث صحيح البخاري **حديث**
النسيان طبع الانسان قال السخاوي لا اعرفه بهذا
اللفظ بل في الطبراني عن ابن عباس مرفوعا المومن نساء
ان ذكر ذكر قلت وفي التنزيل (واذكر ربك اذا نسيت
فلا تنسى الا ما شاء الله + وعهدنا الى آدم من قبل
فنسى) ويروى الانسان مشتق من النسيان وفي تحقيقه
كلام عريض لبيان وقيل اول الناس اول الناسي **حديث**
نصرة الله للعبد خير من نصرته لنفسه من كلام وهيب
بن الورد قال يقول الله ابن آدم اذا ظلمت فاصبر وارض
بنصرتي فان نصرتي لك خير من نصرتك لنفسك وعن
الامام احمد قال بلغني انه مكتوب في التوراة فذكره
قاله السخاوي وقال السيوطي اخرجه عبد الله بن احمد في
رواية الزهد عنه قال بلغني **حديث** النظر الى الوجه
الجميل عبادة قال ابن القيم سئل عنه شيخنا يعني ابن
تيمية فقال هذا كذب باطل على رسول الله عليه السلام
لم يروه احد باسناد صحيح بل هو من الموضوعات
قلت وقد ورد النظر الى الوجه الحسن يجلو البصر والنظر
الى الوجه القبيح يورث الكلح وهو بفتحتين صفرة
تعلو الانسان وسيجئ بكمالها رواه ابو نعيم في الحلية
عن جابر كل شطر منه بسند ولكن كلاهما ضعيف و
الثاني اشد ضعفا ويقوى الاول **حديث** النظر الى المرأة
الحسنة والخضرة يزيدان في البصر رواه ابو نعيم في الحلية

رسالہ الکشف عن مجاوزت ہذہ الامۃ الالف مین اسکو صحیح لکھا ہی
او ثابت ہو چکا ہی کہ ایک ہزار دس سے چند برس اوپر گذرے جسکی مین **حدیث**
عورتین بعض بعض کو مدد کرتی ہین یہ قول عکرمہ کا ہی حدیث صحیح بخاری کے
مین درج ہی **حدیث** بہولنا آدمی کا طبیعت سے ہے۔ کہا سخاوی نے
مین اسکو ان لفظون سے نہین جانتا بلکہ طبرانی مین ابن عباس سے مرفوع
روایت ہی۔ مومن بہولنے والا ہی اگر یاد دلایا جاوے یاد کرتا ہی۔ مین کہتا
ہون قرآن مین ہی رب کو نہین بہولتا مگر جو اللہ چاہی) اور ہمنی پہلے
آدم سی عہد کیا پس بہول گیا) اور کہا گیا ہی کہ انسان نسیان سے
مشتق ہی اور اسکی تحقیق مین بڑی کلام ہی اور کہا گیا ہی پہلا آدمیون
کا پہلا بہولنے والا ہی **حدیث** اللہ تعالی کی مدد آدمی کیلیے بہتر ہے
اسکی مدد سی اپنی نفس کے لئے۔ یہ وہیب الورد کے کلام ہی کہا اوسنے اللہ تعالی
فرماتا ہی ای بیٹے آدم کی جب تو ظلم کیا جاوے تو صبر کر اور میری نصرت سے راضی ہو
اسلیے کہ میری مدد تیری لئی بہتر ہے تیری مدد سے اپنے نفس کے لئے کہا امام
احمد نی مجھی پہونچا ہی کہ یہ توراۃ مین لکھا ہی پس وسنے ذکر کیا ہے
اسکو سخاوی نی ذکر کیا ہے اور کہا سیوطی نی یہ عبد اللہ بن احمد نے
الزہد مین وسے لایا ہی کہا اوسنے مجھی پہونچا ہی **حدیث** منہ حسین کے
طرف دیکھنا عبادت ہی۔ کہا ابن قیم نی شیخ ابن تیمیہ سے اسکی بابت
سوال ہوا تو اوسنے کہا یہ رسول اللہ علیہ وسلم پہ کذب ہی باطل ہی کسی نے
اسکو صحیح سند سی روایت نہین کیا بلکہ یہ موضوعات سے ہے مین کہتا ہون
ثابت ہوا ہی کہ حسین منہ کو دیکھنا نظر کو روشن کرتا ہی اور قبیح منہ کی طرف
قلح پیدا کرتا ہی قلح بفتحتین زردی کو کہتے ہین جو آدمی پہ آجاتی ہی اور سب
جو اوس سے ملتی ہے ابو نعیم نے ہر ایک جز سند ضعیف سی حلیہ مین جابر
سے روایت کی ہی اور دوسرے سند زیادہ تر ضعیف ہی اور پہلی جز
کو یہ **حدیث** قوت دیتی ہے عورت حسین اور زرد کیطرف دیکھنا
نظر زیادہ کرتا ہے اسکو ابو نعیم نے حلیہ مین جابر سے روایت کیا ہی

عن جابر كما رواه في الجامع الصغير فهو ضعيف ليس
بموضوع **حديث** نظرة الى وجه العالم احب الى
الله من عبادة ستين سنة صياما وقياما في نسخة
سمعان وغيره عن انس رضي الله عنه مرفوعا ومعناه ولا يصح
قاله السخاوي وقد ورد النظر على وجه عبادة رواه
الطبراني والحاكم عن ابن مسعود وعمران بن الحصين **حديث**
نعم الصهر القبر قال الزركشي لم يوجد في مسند الفردوس
من حديث ابن عباس مرفوعا نعم الكفو القبر للجارية و
بيض له في السند قال السيوطي وفي الطيوريات بسنده عن
علي بن عبد الله قال نعم الاختان القبور **حديث**
نعم العبد صهيب لو لم يخف الله لم يعصه اشتهر في كلام
الاصوليين واصحاب المعاني واهل العربية فبعضهم يرويه عن
عمر وبعضهم يرفعه قال السخاوي ورأيت بخط شيخنا
يعني العسقلاني انه ظفر به في مشكل الحديث لابن قتيبة
لم يذكر له ابن قتيبة سندا وقال اراد ان صهيبا انما يطيع الله حبا لا مخافة عقابه
انتهى وقال السبكي في شرح التلخيص لم ار هذا الكلام في شيء
من كتب الحديث لا مرفوعا ولا موقوفا ولا عن النبي عليه
السلام ولا عن عمر مع شدة التفحص عنه وقال التمني في حاشية
المغني عن والده انه رأى بخطه ما صورته رأيت الحافظ
ابا بكر بن العربي نسبه الى عمر بن الخطاب الا انه لم يبد له
اسنادا وقال العراقي لا اصل لهذا الحديث ولم اقف له على
اسناد قط في شئ من كتب الحديث وبعض النحاة ينسبونه
الى عمر بن الخطاب من قوله ولم ار اسنادا الى عمر وقال
الدماميني في حاشيته على المغني وقفت في الحلية لابي نعيم
على حديث في ترجمة سالم مولى ابن حذيفة من طريق عمر

نظرة الى وجه العالم احب الى الله من عبادة ستين سنة

جیسا کہ جامع صغیر میں ہے لیکن یہ ضعیف ہی سو موضوع نہیں **حدیث**
منہ عالم کیطرف دیکھنا اللہ تعالی کو زیادہ پسند ہی ساٹھ برس کے عبادت
قیام اور صیام کی سے کہا سخاوی نے یہ نسخہ سمعان وغیرہ میں انس سے مرفوع
روایت ہی اور صحیح نہیں و طبرانی اور حاکم نے ابن مسعود اور عمران بن
حصین سے روایت کی ہی کہ علی کی منہ کی طرف دیکھنا عبادت ہی
حدیث بہتر سسرال قبر ہے کہا زرکشی نے یہ نہیں پائی گئی
او مسند فردوس میں ابن عباس سے مرفوعاً بہتر کفو عورت
کے لئے قبر ہے اور سند میں اسکیلئے سفیدی چھوڑی گئی ہے۔ کہا
سیوطی نے طیوریات میں یہ علی بن عبداللہ سے بہتر داماد قبر ہیں
حدیث بہتر غلام صہیب ہے اگر نہ ڈرتا اللہ سے تب بھی
اسکی نافرمانی نہ کرتا اصولیوں اور اصحاب معانی اور اہل عربیہ کی کلام
میں مشہور ہی۔ بعضے عمر سے روایت کرتے ہیں اور بعضے مرفوع
کہا سخاوی نے میں نے شیخ عسقلانی کا خط دیکھا ہے کہ اوس نے اسکو
حدیث کی مشکل پر ابن قتیبہ میں دیکھا ہی اور ابن قتیبہ نے اسکی لیئے
کوئی سند ذکر نہیں کی اور کہا مراد یہ ہی کہ صہیب اللہ تعالی کی عبادت اسکی محبت سے کرتا تھا
نہ اسکے عذاب کے خوف سے انتہی اور کہا سبکی نے شرح تلخیص میں میں نے اسکو
کسی کتاب حدیث میں نہیں دیکھا نہ مرفوع نہ موقوف نہ آنحضرت سے
نہ عمر سے باوجودیکہ میں نے اسکی بہت تلاش کی ہی اور کہا تمنی نے حاشیہ
مغنی میں اپنے والد سے کہ میں نے اسکا خط اس صورت سے دیکھا ہی میں نے حافظ
ابابکر بن العربی کو دیکھا کہ اوس نے اسکو عمر بن خطاب کیطرف منسوب کیا
ہے مگر اوس نے اسکی سند بیان نہیں کی اور کہا عراقی نے اس حدیث کا کچھ اصل نہیں
اور میں نے اسکی سند کسی کتاب حدیث میں نہیں دیکھی اور بعض نحوی حضرت عمر کا
قول کہتے ہیں اور میں نے کوئی سند عمر تک نہیں دیکھی اور کہا دمامینی
نے حاشیہ مغنی میں میں نے یہ حدیث ابی نعیم کی حلیہ میں سالم
مولی ابن حذیفہ کی مناقب میں طریق عمر سے دیکھی ہے

قال سمعت رسول الله علیہ السلام یقول ان سالما
شدید الحب لله عز وجل لو کان لا یخاف الله ما عصاہ
انتہی ذکرہ ابن ابی شریف فی حاشیۃ شرح جمع الجوامع قال
و فی سندہ ابن لہیعۃ انتہی و قال الزرکشی لا اصل لہذا
الحدیث لکن فی الحلیۃ من حدیث ابن عمر مرفوعا ان سالما
شدید الحب لله لو لم یخف الله ما عصاہ و قال الحافظ
السیوطی فی شرح نظم التلخیص کثر سؤال الناس عن حدیث
نعم العبد صہیب لو لم یخف الله لم یعصہ و نسبہ بعضہم
الی النبی علیہ السلام و نسبہ ابن مالک فی شرح الکافیۃ
و غیرہ الی عمر قال الشیخ بہاء الدین السبکی لم ار ہذا
الکلام فی شیء من کتب الحدیث لا مرفوعا و لا موقوفا لا عن
عمر و لا عن غیرہ مع شدۃ التفحص عنہ انتہی نعم قد ورد
فی سالم لا صہیب عن عمر مرفوعا ان معاذ بن جبل امام العلماء
یوم القیمۃ لا یحجبہ من الله الا المرسلون و ان سالما
مولی ابی حذیفۃ شدید الحب فی الله لو لم یخف الله ما عصاہ
اخرجہ الدیلمی **حدیث** نقطۃ من دوات عالم
احب الی الله من عرق مائۃ ثواب شہید موضوع کما
فی الذیل **حدیث** نوم المؤمن سبات ای نوم خفیف
و سمعہ خبات ای ضعیف ذکرہ فی النہایۃ بلا اسناد
و ذکرہ الکورانی بلفظ نوم المؤمن سبات و صوتہ خبات
حدیث نوم العالم عبادۃ لا اصل لہ فی المرفوع
کذا بل ورد نوم الصائم عبادۃ و صمتہ تسبیح و
عملہ مضاعف و دعاؤہ مستجاب و ذنبہ مغفور رواہ
البیہقی بسند ضعیف عن عبد الله بن ابی اوفی
لکن روی ابو نعیم فی الحلیۃ عن سلمان نوم علی علم

کہا اوس نے مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سنا فرماتی سالم اللہ تعالی سے بہت محبت
رکہتا ہی اگر فرضا اللہ تعالی کا خوف نہ کرتا تو تب بھی اسکی بیفرمانی نہ کرتا
انتہی اسکو ابن ابی شریف نے حاشیہ شرح جمع الجوامع مین ذکر کیا ہے اور کہا
کہ اسکی سند مین ابن لہیعہ ہے انتہی اور کہا زرکشی نے اس حدیث کا کچہہ اصل
نہین ہے لیکن حلیہ مین ابن عمر سے مرفوع روایت ہے کہ سالم اللہ تعالی
سے بہت محبت رکہتا ہے اگر فرضا اللہ تعالی کا خوف نہ کرتا تو تب بھی اسکی
نافرمانی نہ کرتا اور کہا حافظ سیوطی نے شرح نظم التلخیص مین اس حدیث کی بابت لوگون
نے بہت سوال کیا ہی بہتر غلام صہیب ہے اگر فرضا اللہ تعالی کا خوف نہ کرتا تو
بھی اوسکی نافرمانی نہ کرتا بعضون نے آنحضرت کیطرف منسوب کیا ہے اور ابن مالک نے
شرح کافیہ وغیرہ مین عمر کی طرف منسوب کیا ہی اور کہا شیخ بہاء الدین سبکی نے مینے اس
کلام کو کسی حدیث مین نہین دیکھا نہ مرفوع نہ موقوف نہ عمر سے نہ کسی غیر سے
باوجودیکہ مینے اسکی بہت تلاش کی ہے انتہی ہان سالم کی حق مین کہ معاذ بن جبل
عالمونکا امام ہے قیامت کے دن اوسکا اللہ تعالی سے کوئی حاجب ہوگا مگر
رسول اور سالم مولے ابی حذیفہ کا اللہ تعالی سے سخت محبت رکہتا ہے اگر فرضا اللہ
تعالی سے نہ خوف کرتا تو تب بھی اوسکی نافرمانی نہ کرتا اسکو دیلمی نے
روایت کیا ہی **حدیث** اللہ تعالے کو نقطہ دوات عالم کا زیادہ پسند ہے
سو شہید کے ثواب کی پسینے سے موضوع ہے ایسا ہے ذیل مین ہے
حدیث مومن کے نیند خفیف ہے اور کان اوسکی ضعیف ہین یہ
نہایہ مین بلا اسناد مذکور ہے اور کورانی نے ان الفاظ سے ذکر کیا
ہے مومن کے نیند خفیف ہی اور آواز اوسکا ضعیف ہے **حدیث**
عالم کا سونا عبادت ہے اسطرح مرفوع نہین بلکہ اسطرح آئی ہے روزہ
دار کا سونا عبادت ہے اور چپ کرنا اوسکا تسبیح ہے اور عمل اوسکا
دوگنا ہے اور دعا اوسکی مستجاب ہے اور گناہ اوسکی بخشے جاتی ہین
بیہقی نے سند ضعیف سے عبد اللہ بن ابی اوفی سے روایت کیا ہے لیکن
ابو نعیم نے حلیہ مین سلمان سے یون روایت کی ہے عالم کا سونا

خير من صلوة على جهل ففي الجملة من كان عالما فنومه عبادة لانه ينوى به النشاط على الطاعة ومن هنا قيل نوم الظالم عبادة لانه في تلك النسبة عبادة بالنسبة اليه في ترك ظلمه **حديث** نية المؤمن خير من عمله قال ابن دحية لا يصح وقال البيهقي اسناده ضعيف ورواه العسكري في الامثال عن انس مرفوعا وسنده ضعيف عن النواس بن سمعان كما ذكره الزركشي وفي الجامع الصغير نية المؤمن خير من عمله وعمل المنافق خير من نيته وكل يعمل على نيته فاذا عمل المؤمن عملا نار في قلبه نور رواه الطبراني عن سهل بن سعد وانما كانت نية المؤمن خير من عمله لانها بانفرادها تصير عبادة يترتب عليها الثواب بخلاف اعمال الجوارح فانها انما تكون عبادة اذا صاحبت النية الخبر من هم بحسنة فلم يعملها كتبها الله عنده حسنة كاملة ولانها مكان المعرفة يعني قلب المومن قال سهل ما خلق الله تعالى مكانا اعز واشرف عنده من قلب عبده المؤمن وما اعطى كرامة للخلق اعز عنده من معرفة الحق فجعل الاعز في الاعز فان شاء من اعز الامكنة يكون اعز مما نشاء من غيره قال سهل فقس عبدا اشتغل المكان الذي هو اعز الامكنة عنده تعالى بغيره سبحانه وفي انا عند المنكسرة قلوبهم المندرسة قبورهم وما وسعني ارضي ولا سمائي ولكن وسعني قلب عبدي المؤمن اشعار بذلك ولانها تبقى بخلاف العمل ولذا قيل الخلود في الجنة والنار جزاء النية ولانها تسلم عن الرياء بخلاف العمل **حديث** ما لكم اليد ملعون لا اصل له كما صرح به

بہتر ہے جاہل کے نماز پڑھنے سے الحاصل عالم کی نیند عبادت ہے اسلئے کہ اسکی اس سے عبادت کے لئے نشاط حاصل کرنی ہی اور اسی واسطے کہا گیا ہی کہ ظالم کے نیند عبادت ہے اسلئے کہ بہ نسبت اوسکی ترک کرنا ظلم کا اسکے لئے عبادت ہے **حدیث** نیت مومن کے اسکی عمل سے بہتر ہے کہا ابن دحیہ نے یہ صحیح نہیں ہے اور کہا بیہقی نے سند اسکی ضعیف ہی اور عسکری نے امثال میں انس سے مرفوع روایت کی ہی اور سند اسکی ضعیف ہی اور زرکشی نے ذکر کیا ہی کہ نواس بن سمعان سے ضعیف طریق سے آئی ہے اور جامع صغیر میں ہے نیت مومن کی بہتر ہے اسکے عمل سے اور عمل منافق کا بہتر ہے اوسکے نیت سے اور ہر ایک اپنی نیت کی موافق عمل کرتا ہی پس جب مومن کوئی کام کرتا ہی تو اوسکے دل میں نور روشن ہوتا ہی یہ طبرانی نے سہل بن سعید سے روایت کی ہی اور نیت مومن کی اسکے عمل سے اسلئے بہتر ہے کہ فقط اوسکی نیت ہی عبادت ہوسکتی ہی اور اسکو اسپر ثواب ملتا ہے بخلاف اعمال کے وہ تب عبادت ہوتی ہیں جب اونکی ساتھ نیت ملی جیسا کہ حدیث میں ہے جو شخص نیکی کا قصد کرے اور اوسپر عمل نہ کری تو اللہ تعالی اوسکی لئے ایک نیکی کامل کا ثواب لکھ لیتا ہی اور اسلئے کہ مکان اسکا دل مومن کا ہی کہا سہل نے کوئی شرف اور عزت والا اللہ تعالی نی اپنے نزدیک سوائے دل مومن کے پیدا نہیں کیا اور کوئی کرامت خلقت کو معرفت حق سے بہتر نہیں دی پس اللہ تعالی نے اشرف کو اشرف میں رکھا ہی پس جو چیز اشرف مکان میں پیدا ہو وہ بہتر ہوگی ان چیزوں سے جو اس مکان سے پیدا نہیں ہوئیں۔ کہا سہل نے قیاس کر اوس آدمی کو جو اشرف مکان کے ساتھ مشغول ہوا اور اوسکو جو غیر اشرف سے مشغول ہوا اور میں اونکی ساتھ ہوں جنکی دل ٹوٹے ہوئے ہیں اور قبریں انکی پرانی ہوگئی ہیں اور میرے آسمان اور زمین گنجایش نہیں رکھتی لیکن مومن کا دل میرے گنجایش رکھتا ہی اس سے بھی یہ مفہوم ہوتا ہی اور اسلئے کہ نیت باقی رہتی بخلاف اعمال کے اور اسی واسطے کہا ہے ہمیشگی جنت اور آگ کی نیت کا بدلہ ہی اور اسلئے کہ نیت ریا سے سلامت رہتی ہی بخلاف اعمال کے **حدیث** مشت نی کرنیوالا ملعون ہے اسکا کچھ اصل نہیں جیسا کہ

الرهاوی فی حاشیته علی المنار **حرف الواو**
حدیث وصیی وموضع سری وخلیفتی فی اهلی و
خیر من اخلف بعدی علی بن ابی طالب موضوع علی
ما قاله الصغانی فی الدر الملتقط قلت و هو من مفتریات
الشیعة الشنیعة قاتلهم الله انی یؤفکون و کیف
یافکون **حدیث** الورد الابیض خلق من عرقی
والاحمر من عرق جبرئیل والاصفر من عرق براق کذا من
فی مسند الفردوس و غیره فقال النووی لا یصح و قال
الاخرون انه موضوع قلت وکذا ذکره ابن عدی فی
ترجمة الحسن بن علی بن زکریا بن صالح العدوی البصری
الملقب بالذئب عن علی ان النبی علیه السلام قال لیلة
اسری بی الی السماء سقط الی الارض من عرقی فنبت منه
الورد فمن اراد ان یشم رایحتی فلیشم الورد موضوع
حدیث الوضوء علی الوضوء نور علی نور فی الاحیاء
و قال مخرجه لم اقف علیه و سبقه لذلک المنذری
واما الحافظ العسقلانی فقال انه حدیث ضعیف رواه
رزین فی مسنده **حدیث** ولا راد لما قضیت فی حدیث
الذکر بعد الصلوة فی مسند عبد بن حمید و اخرجه
الطبرانی بسند صحیح قال السخاوی ومن انکره فهو مقصر
حدیث الولد سر ابیه قال السخاوی لا اصل له وقد سبقه
الزرکشی بذلک **حدیث** ولد الزنا لا یدخل الجنة
یدور علی الالسنة ولم یثبت بالسند بل قال القاضی مجد الدین
الشیرازی فی سفر السعادة هو باطل **حدیث** ولدت فی
زمن الملک العادل قال السخاوی لا اصل له وقال الزرکشی
کذب باطل وقال السیوطی قال البیهقی فی شعب الایمان

رہاوی نے حاشیہ منار میں اسکی تصریح کی ہے **حرف واو** ۔
حدیث میرا وصی اور میرے بھید کی جگہ اور اہل میں میرا خلیفہ اور
بہتر اوس سے جسکو میں خلیفہ اپنے پیچھے بناؤں علی بن ابی طالب ہے
موضوع ہے جیسا کہ صغانی نے در الملتقط میں کہا ہے میں کہتا ہوں یہ شیعوں
کا افترا ہے اللہ تعالی انکو قتل کرے کسطرف لوٹے جاتے ہیں اور کسطرح لوٹتے
ہیں **حدیث** سفید پھول میرے پسینے سے پیدا ہوا ہے اور سرخ جبرئیل
علیہ السلام کے پسینے سے اور زرد براق کے پسینے سے یہ مسند فردوس
وغیرہ میں مذکور ہے کہا نووی نے یہ صحیح نہیں ہے اور کہا اوروں نے یہ موضوع
ہے ۔ میں کہتا ہوں ایسا ہی ابن عدی نے ترجمہ حسن بن علی بن زکریا بن صالح
العدوی بصری (جسکا لقب ذئب ہے) میں علی سے ذکر کیا ہے کہ آنحضرت نے
فرمایا جس رات میں مجھے آسمان کیطرف سیر کرایا گیا تو زمین کیطرف میرا پسینہ
گرا تو اوس سے گلاب پیدا ہوا پس جو شخص میری خوشبو لینی چاہے تو گلاب کو
سونگھے موضوع ہے **حدیث** وضو پر وضو کرنا نور علی نور
ہے ۔ احیاء میں ہے ۔ اور کہا مخرج نے میں اسپر واقف نہیں ہوا اور
اسمیں منذری اوس سے سبقت لے گیا ہے لیکن حافظ عسقلانی نے
کہا ہے کہ یہ حدیث ضعیف ہے اسکو رزین نے مسند میں روایت کیا
ہے **حدیث** نہیں کوئی رد کرنیوالا جو میں فیصلہ کروں یہ حدیث
مسند عبد بن حمید میں ذکر بعد نماز کی بیان میں ہے اور طبرانی اسکو
سند صحیح سے لایا ہے کہا سخاوی نے جسنے اسکا انکار کیا وہ قاصر ہے **حدیث**
حرام زادہ جنت میں داخل نہ ہوگا ۔ یہ زبانوں پر پھیرتی ہے اور ثابت
نہیں بلکہ قاضی مجد الدین شیرازی نے سفر السعادت
میں کہا ہے کہ یہ باطل ہے **حدیث** میں بادشاہ
عادل کے زمانہ میں پیدا ہوا ہوں ۔ کہا سخاوی نے
اس کا کچھ اصل نہیں اور کہا زرکشی نے یہ کذب باطل
ہے ۔ کہا سیوطی نے کہا بیہقی نے شعب الایمان میں

تكلم شيخنا ابو عبد الله الحافظ بطلان ما يرويه
بعض الجهلاء عن نبينا صلى الله عليه وسلم ولدت في
زمن الملك العادل يعني نوشروان حديث
ويل للتاجر من بلى والله وويل للصانع من غد وبعد غد
قال العراقي لم اقف له على اصل وذكره صاحب مسند الفردوس
من حديث انس بغير اسناد نحوه حديث ويه اسم شيطان
يروى من قول عمر رضي الله عنه وابراهيم النخعي وهو من
تابعي الكوفة فعلى هذا يكره التسمية بنحو سيبويه و
نفطويه **حرف الهاء** - حديث الهدية
لمن حضر وكذا الهدايا بينهم مشتركة لا اصل لهما هكذا لكن
ورد بسند ضعيف من اهدى له هدية فجلساؤه شركاؤه
فيها كما تقدم والله اعلم حديث هلاك امتي عالم فاجر
وعابد جاهل لم يوجد كذا في المختصر **حرف اللام**
الالف - حديث لا ادري نصف العلم قول الشعبي
كما رواه الدارمي في مسنده والبيهقي في مدخله لكن في
سنن سعيد بن منصور عن ابن مسعود لكن في سنن سعيد
بن منصور عن ابن مسعود لا ادري ثلث العلم ذكره السيوطي
وقال السخاوي بل في صحيح البخاري عن ابن مسعود من
قوله من علم فليقل ومن لم يعلم فليقل الله اعلم فان
من العلم ان تقول لما لا تعلم الله اعلم قلت وقد ثبت
انه عليه السلام قال لا ادري عزير انبي ام لا وفي التنزيل
(لا ادري ما يفعل بي ولا بكم) الاية حديث
لا باس ببول الحمار وكل ما اكل لحمه موضوع كما في اللآلي
حديث لا بارك لذواق عند المشتري لا اصل له
حديث لا تتوضؤوا في الكنيف الذي تبولون فيه

الهدية لمن حضر

لا تتوضؤوا في الكنيف

کہ شیخ ابو عبد اللہ حافظ نے اس روایت کی بطلان مین کلام کی ہے
جسکو بعض جاہل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہین
زمانے بادشاہ عادل یعنی نوشیروان مین پیدا ہوا ہون حدیث
ہلاکت ہے سوداگر کو بلکہ لئے اس قول کے سبب کہ ہان قسم اللہ کی اور ہلاکت
ہے پیشہ والون کے لئے اس قول سے کل اور پرسون کل کی۔ کہا عراقی نے
مین اسکی اصل پر واقف نہیں ہوا اور صاحب مسند فردوس نے انس سے
بغیر اسناد کی روایت کی ہے حدیث ویہ شیطان کا نام ہے حضرت عمر اور ابراہیم
نخعی کا (جو تابعی کوفہ کا ہے) قول ہے پس اس بنا پر سیبویہ اور نفطویہ اور
انکی مثل نام رکہنی مکروہ ہین **حرف ہا** - حدیث تحفہ اسکی
لئے ہے جو حاضر ہو - اور ایسا ہی تحائف مشترک ہین - ان دونو کا
اصل اسطرح نہیں لیکن سند ضعیف سے اسطرح آیا ہے جسکے ہدیہ بھیجا
جاوے تو ہمنشین اسکے اوسمین شریک ہین جیسا کہ گذر چکا واللہ اعلم حدیث
ہلاک کرنیوالا امیر امت کا عالم فاجر اور عابد جاہل ہے نہیں ملی ایسا ہی مختصر
مین ہے **حرف لام الف** - حدیث مین نہیں جانتا نصف
علم ہے - دارمی نے مسند مین اور بیہقی نے مدخل مین روایت کی ہے کہ یہ قول
شعبی کا ہے سیوطی نے ذکر کیا ہے کہ سنن سعید بن منصور مین ابن مسعود سے
ہے کہ مین نہیں جانتا تہائی علم کی ہے اور کہا سخاوی نے بلکہ صحیح بخاری مین
ابن مسعود کا قول ہے جو شخص جانتا ہو تو کہدے اور جو شخص نہیں جانتا
تو کہے کہ اللہ بہتر جانتا ہے اسلئے کہ یہ بھی ایک علم ہے کہ تو کہے جس چیز کو نہیں جانتا
کہ اللہ تعالی بہتر جانتا ہے - مین کہتا ہون ثابت ہوا ہے کہ آنحضرت نے فرمایا ہے مین
نہیں جانتا عزیر نبی ہے یا نہیں اور قرآن مین ہے (مین نہیں جانتا
میرے اور تمہارے ساتھ کیا ہوگا) حدیث گدہے کے بول سے اور اسکی
بول سے جس چیز کا گوشت کہایا جاتا ہے کچہ خوف نہیں - موضوع
ایسا ہی لآلی مین ہے حدیث مشتری کی پاس منہ چکہنے مین کچہ
خوف نہیں اسکا کچہ اصل نہیں حدیث جن پاخانون مین تم بول کرتے ہو وضو نہ کرو

فان وضوء المؤمن یوزن مع حسناته وضعه یحیی
بن عبسه **حدیث** لا تسیدونی فی الصلوة قال
السخاوی لا اصل له **حدیث** لا تکرهوا الفتنة فی آخر
الزمان فانها تبیر ای تهلك المنافقین رواه الدیلمی عن
علی به مرفوعا کذا قاله الزرکشی وقال السیوطی انکره
الحافظ بن حجر فی شرحه للبخاری ونقله عن ابن
وهب انه سئل عنه فقال انه باطل وقال السخاوی
وکذا اخرجه ابونعیم وفی سنده ضعف ومجهول و
سئل عنه ابن وهب فقال انه باطل وقیل لابن وهب
ان فلانا حدث عنك عن النبی علیه السلام لا تکرهوا
الفتن فان فیها حصاد المنافقین فقال ابن وهب
اعماه الله ان کان کاذبا فعمی الرجل **حدیث** لا تعد
من لا یعودك قول ابن وهب ویقویه ما یروی من
حدیث جابر مرفوعا من عاد مرضانا عدنا مرضاه وسنده
ضعیف وقد قال عبد الله بن احمد لابیه یا ابت جار فی
مرض فما نعوده فقال له یا بنی ما عادنا فنعوده قلت
ولعله محمول علی التادیب لما فی حدیث ضعیف رواه
الدیلمی عن انصاری یقال له قیس قال اخبرت عن النبی
علیه السلام انه قال عد من لا یعودك ولعل الاول
محمول علی العدل وهذا علی الفضل **حدیث**
لا تعظمونی فی المسجد لا یعرف له اصل **حدیث**
لا تلد الحیة الا الحیة من امثال العرب **حدیث**
لا تمارضوا فتمرضوا ولا تحفروا قبورکم فتموتوا ذکره
ابن ابی حاتم فی العلل عن ابن عباس رضی الله عنهما
وقال عن ابیه انه منکر واسنده الدیلمی الی وهب بن

اسلیئے کہ مومن کا وضو قیامت کے دن نیکیون کے ساتھ وزن کیا جائیگا -
اسکو یحیی بن عبسہ نے بنایا ہی **حدیث** مجھ نماز مین سردار مت بناؤ -
کہا سخاوی نے اسکا کچھ اصل نہین **حدیث** آخر زمانہ مین فتنون کو مکروہ
نہ جانو کیونکہ وہ منافقون کو ہلاک کرینگے - دیلمی نے علی سے مرفوعاً روایت
کی ہی ایسا ہی زرکشی نے کہا ہی اور کہا سیوطی نے حافظ ابن حجر نے
شرح بخاری مین اسکا انکار کیا ہی اور ابن وہب سے اونہون نے نقل کیا ہے کہ انسے
بابت اسکے سوال ہوا کہا یہ باطل ہے اور کہا سخاوی نے ایسا ہی ابونعیم نے
ذکر کیا اور اسکی سند مین ضعف اور مجہول ہے اور اس سے ابن وہب کو
سوال ہوا تو کہا اونہون نے یہ باطل ہے اور ابن وہب سے کہا گیا کہ فلان شخص تیری
سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے حدیث کرتا ہی فتنون کو مکروہ نہ جانو اسلیئے
کہ یہ منافقون کو کاٹینگے کہا ابن وہب نے اللہ تعالی اسکو اندھا کرے کہ
جھوٹہا ہی - پہر وہ آدمی اندھا ہوگیا **حدیث** نہ عیادت کر اوسکی جو تیری
عیادت نہین کرتا - یہ قول ابن وہب کا ہی اور یہ حدیث جو جابر سے مروی
ہے اسکی تقویت کرتی ہی جو شخص ہمارے مریضون کی عیادت کریگا ہم اسکے
مریضونکی عیادت کرینگے اور سند اسکے ضعیف ہی اور عبد اللہ بن احمد نے
اپنے باپ سے کہا اے باپ ہمارا ہمسایہ بیمار ہی آپ اوسکی عیادت نہین کرتے
کہا اے بیٹا اوسنے ہماری عیادت نہین کی ہے ہم اوسکی نہین کرینگے مین کہتا ہون شاید
یہ تادیب پر محمول ہوگی اسلیئے کہ دیلمی نے ایک انصاری سے جسکا نام قیس ہے ضعیف سند
سے روایت کی ہی کہا اونہونے مجھے آنحضرت سے خبر ملی ہی عیادت کر اوسکی جو تیری
عیادت نہین کرتا شاید پہلی حدیث عدل پر محمول ہی اور پچھلی فضیلت پر
حدیث نہ تعظیم کرو میری مسجد مین - اسکا اصل معلوم نہین ہوا **حدیث**
سانپ سانپ کو جنتا ہی - عرب کی مثل ہے **حدیث** جان بوجھ
کر بیمار نہ ہو پس بیمار ہو جاؤگے اور اپنی قبرین نہ کھودو پس مر جاؤ گے
اسکو ابن ابی حاتم نے علل مین ابن عباس سے ذکر کیا ہے اور کہا اونکے
نے اپنے باپ سے یہ منکر ہے اور دیلمی نے وہب بن ✤

قتیبة مرفوعا وعلی کل حال فلا یصح واما ما یزیده
العوام من قولهم فموتوا فقد دخلوا النار فلا اصل له اصلا
حدیث لا تنظر الی من قال وانظر الی ما قال قاله علی کرم الله
وجهه کما رواه ابن السمعانی فی تاریخه عنه ذکره السیوطی
حدیث لا سلام علی آکل لا اصل له فی مبناه وهو صحیح فی معناه
حدیث لا عذر لمن اقر قال العسقلانی لا اصل له ولیس معناه علی
اطلاقه صحیحا حدیث لا غیبة لفاسق قال احمد منکر
وقال الدارقطنی والخطیب والحاکم باطل لکن قال الزرکشی له
طرق کثیرة وقد رواه البیهقی فی سننه من حدیث انس رضی الله
عنه بلفظ من القی جلباب الحیاء فلا غیبة له وقال فی
اسناده ضعف وقال الهروی فی ذم الکلام هو حدیث حسن و
ساقه عن طرق عن بهز بلفظ لیس لفاسق غیبة حدیث
لا فتی الا علی لا سیف الا ذو الفقار لا اصل له مما یعتمد علیه
نعم یروی فی اثر رواه عنه الحسن بن عرفة العبدی من حدیث
ابی جعفر محمد بن علی الباقر قال نادی ملک من السماء
یوم بدر یقال له رضوان لا سیف الا ذو الفقار ولا فتی
الا علی وذکره وکذا فی ریاض النضرة وقال ذو الفقار
اسم سیف النبی علیه السلام وسمی بذلک لانه کانت
فیه حفر صغار القول ومما یدل علی بطلانه انه لو نودی
بهذا من السماء فی بدر لسمعه الصحابة الکرام ولنقل
عنهم الائمة الفخام وهذا شبیه بما ینقل من ضرب النقارة
حوالی بدر وینسبونه الی الملائکة علی وجه الاستمرار
من زمنه علیه السلام الی یومنا هذا وهو باطل عقلا
ونقلا وان کان ذکره ابن المرزوق وتبعه القسطلانی
فی مواهبه وکذا من مفتریات الشیعة الشنیعة

قتیبہ تک مرفوع روایت کی ہے بہر حال یہ صحیح نہین لیکن یہ فقرہ
جسکو عوام زیادہ کرتے ہین (بس مرو تو آگ مین داخل ہوگئے) اسکا کچھ
اصل نہین **حدیث** نہ دیکھ اوسکی طرف جسنے کہا ہے اور دیکھ جو کچھ اوسنے
کہا ہے یہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا قول ہے سیوطی نے ذکر کیا ہے کہ اسکو ابن سمعانی
نے تاریخ مین روایت کی ہے **حدیث** نہین سلامتی کہانی والے پر
اسکا کچھ اصل نہین اور اسکے معنے مین یہ حدیث ہے نہین عذر اسکے لیے جو اقرار کرے
کہا عسقلانی نے اسکا کچھ اصل نہین ورنہ معنے اسکے مطلقا صحیح ہین **حدیث**
فاسق کی غیبت نہین کہا احمد نے یہ منکر ہے اور کہا دارقطنی اور خطیب اور
حاکم نے باطل ہے لیکن کہا زرکشی نے اسکی بہت طرق ہین اور بیہقی نے
سنن مین انس سے ان الفاظ سے روایت کی ہے جسنے چادر حیا کی اوتار دی
تو پھر اوسکی غیبت نہین ہے اور کہا اسکی سند مین ضعف ہے اور کہا ہروی نے
ذم الکلام مین یہ حدیث حسن ہے اور بہت طرق بہز سے ان الفاظ سے لایا ہے نہین
فاسق کیلیے غیبت **حدیث** نہین کوئی جوان مگر علی اور نہین تلوار مگر
ذوالفقار اسکا کچھ اصل نہین جسپر اعتماد کیا جاوے ہان کچھ اصل ہے حسن بن عرفہ عبدی
کے پاس ہے اور ابی جعفر محمد بن علی الباقر سے ہے کہا اوسنے ایک فرشتے
نے آسمان سے بدر کی دن آواز دیا جسکا نام رضوان تھا نہین تلوار مگر ذوالفقار
اور نہین جوان مگر علی اور ایسا ہی ریاض النضرہ مین ہے اور کہا اوسنے ذوالفقار
نام تلوار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہے اسلیے اسکا نام ہوا کہ اسمین چھوٹے
چھوٹے جوہر تھے مین کہتا ہون بات اسکی بطلان پر دلالت کرتی ہے کہ
اگر یہ بدر کی دن آسمان سے آوازہ آتا تو بہت صحابہ کرام اسکو سنتے اور پھر اونسے
آجتک امام نقل کرتے چلی آتی یہ بات ایسی ہے جیسا کہ لوگ نقل کرتے
ہین کہ بدر کی دن فرشتون نے نقارہ بجایا تھا یہ عقلا
اور نقلا باطل ہے اگرچہ ابن المرزوق نے اسکو ذکر
کیا ہے اور قسطلانی نے مواہب مین اسکا تابع ہوا ہے
بلکہ یہ شیعون بدبختون کا افترا ہے + + + + +

لا تنظر الی من قال وانظر الی ما قال

حدیث نادعلیا مظهر العجائب تجده عونا لك
فی النوائب بنبوتك یا محمد وبولایتك یا علی **حدیث**
لا مهر اقل من عشرة دراهم قال السخاوی رواه الدار قطنی
عن جابر مرفوعا فی حدیث ولکن سنده واه لان فیه بشر بن
عبید وهو کذاب وقد کان الامام احمد یقول سمعت سفیان
ابن عیینة یقول لم اجد لهذا اصلا یعنی العشرة فی
المهر ویعارضه حدیث سهل بن سعد فی الواهبة نفسها
التمس ولو خاتما من حدید قلت المعارضة تندفع بحمل
الاول علی المسمی من المهر آجلا وعاجلا والثانی علی
المعجل عرفا ویؤید الاول ما رواه البیهقی فی السنن الکبری
من طرق ضعیفة لکنها یقوی بعضها ببعض عن جابر
فیرتقی الی مرتبة الحسن وهو کاف فی الحجة علی ما بینته
فی شرح مختصر الوقایة والله ولی الهدایة **حدیث**
لا هم الا هم الدین ولا وجع الا وجع العین قال الزرکشی قال
احمد لا اصل له اخرجه البیهقی فی الشعب من حدیث جابر
رفعه به وقال انه منکر وقال السیوطی هو فی معجم الطبرانی
الصغیر من حدیث جابر وذکر الزرکشی عن ابن المدینی
قال سمعت ابی یقول خمسة احادیث نرویها ولیس
لها اصل وذکر منها هذا الحدیث بلفظ لا غم الا غم الدین
حدیث لا یابی الکرامة الا حمار هو من قول علی لما
یقال ذکره الدیلمی قال السخاوی وهو کذلك فی سنن سعید
بن منصور ان علیا القیت له وسادة فجلس علیها وقال ذلك
وقد اخرجه الدیلمی عن ابن عمر به مرفوعا قال السیوطی اخرج
البیهقی فی الشعب عن علی موقوفا **حدیث** لا یحل للمسلم جهل
الفرائض والسنن ویحل له جهل ما سوی ذلك موضوع

حدیث پکار علی کو جس سے عجائبات ظاہر ہوتی ہین مصیبتون مین تیرا
مددگار ہوگا ای محمد تیری نبوت کی ساتھ اور ای علی تیری ولایت کے ساتھ تجھے دُر جاتا ہون
حدیث دس درہم سے کم مہر نہین ہے کہا سخاوی نے دار قطنی نے جابر سے
مرفوع روایت نقل کی ہی لیکن سند اسکی واہی ہے اسلئے کہ اسکی سند مین
بشر بن عبید ہی اور وہ کذاب ہی امام احمد فرماتی تھے کہ مینی سفیان بن عیینہ سے
سنا ہی کہتے مینے اسکا اصل نہین پایا یعنے دس درہم سے کم نہو اور حدیث
سہل بن سعد کی جسمین ذکر ہے کہ عورت نے اپنی آنحضرت کو اپنا نفس
بخشدیا تہا بعد چند دنکے آنحضرت نی فرمایا تلاش کر اگرچہ انگوٹھی لوہے
کی اسکے معارض ہے مین کہتا ہون معارضہ اسطرح دفع ہو سکتا ہے کہ پہلی حدیث
کو مہر موجل پر حمل کیا جائے اور دوسرے کو معجل پر اور پہلی حدیث کی یہ روایت
تقویت کرتی ہی جو سنن کبری مین جابر سے بہت طرق ضعیفہ سے ہی لیکن بعض
کو بعض سے تقویت ہو جاتی ہی اور مرتبہ حسن تک پہونچ جاتی ہے اور حجت
کیلئے کافی ہی جیسا کہ مینے شرح مختصر وقایہ مین ذکر کیا ہے اللہ تعالی ہدایت کا
والی ہی **حدیث** نہین کوئی غم مگر غم دین کا اور نہین کوئی درد مگر درد آنکھون
کا۔ کہا زرکشی نی احمد سے اسکا کچھ اصل نہین اور بیہقی شعب مین جابر سے مرفوع
روایت لایا ہی اور کہا کہ منکر ہے اور کہا سیوطی نے یہ معجم الطبرانی الصغیر مین جابر سے
اور زرکشی نے ابن المدینی سے ذکر کیا ہی کہ کہا اوس نے سنا مینے اپنی باپ سے کہ
وہ کہتا تہا پانچ حدیثین ہم اونکو روایت کرتی ہین حالانکہ انکا کچھ اصل
نہین ہے اور یہ حدیث ان لفظون سے انہین سے ہے نہین کوئی غم مگر غم دین
حدیث نہین انکار کرتا کرامت کا مگر گدہا۔ دیلمی نے ذکر کیا ہی کہ مشہور ہے
کہ یہ قول علی کا ہی کہا سخاوی نے یہ سنن سعید بن منصور مین اسطرح ہی انکے لئے
ایک بچھونا ڈالا گیا پس وہ سپر بیٹھ گئے اور اسطرح فرمایا اور دیلمی نے ابن عمر
سے مرفوع روایت کی ہی کہا سیوطی نے بیہقی نی شعب مین علی سے موقوف
روایت کی ہی **حدیث** مسلمان کے لئے فرضون اور سنتون کا
بہلانا حلال نہین اور ماسوا انکے حلال ہے موضوع ہے۔

كما في الذيل حديث لا يدخل الجنة ولد زنية
زعم ابن طاهر وابن الجوزي ان هذا الحديث موضوع لكن
رواه ابو نعيم في الحلية عن مجاهد عن ابي هريرة به
مرفوعا واعله الدارقطني بان مجاهدا لم يسمعه عن
ابي هريرة حديث لا يستحي الشيخ ان يتعلم العلم كما
لا يستحي ان ياكل الخبز غير معروف حديث لا يتعلم
العلم مستحي ولا متكبر قول لمجاهد كما في صحيح البخاري عنه
تعليقا حديث لا يستدير الرغيف ويوضع بين يديك
حتى يعمل فيه ثلثمائة وستون صانعا اولهم ميكائيل قال العراقي
لم اجد له اصلا حديث لا يعذب الله بمسئلة اختلف فيها
قال السخاوي ظنه من كلام بعض السلف قلت وسمعت بعض
مشايخي يقول من تبع عالما لقي الله سالما ويقويه
قوله تعالى (فاسئلوا اهل الذكر ان كنتم لا تعلمون) وحديث
(اصحابي كالنجوم بايهم اقتديتم اهتديتم) وقد
تقدم زيادة كلام على هذا في حديث اختلاف امتي
رحمة حديث لا الا الاولك يا الله انه سميع عليم
محيط به عملك كعسهلون وبالحق انزلناه وبالحق نزل
قال السخاوي هذه الالفاظ اشتهرت في كثير من البلاد
بانها حفظة رمضان يحفظ من الغرق والسرق والحرق
وسائر الآفات ويكتب في آخر جمعة منه والخطيب يخطب
على المنبر وهي بدعة لا اصل لها وكان العسقلاني
ينكرها وهو قائم على المنبر حتى في اثناء الخطبة حين
يرى من يكتبها قلت وكلمة كعسهلون مجهولة لا يدرى
معناها فتحرم كتابتها ويحتمل ان يكون كلمة كفر
يكفر بها متكلمها

حرف الياء آخر الحروف

جیسا کہ ذیل میں ہے حدیث ولد الزنا جنت میں داخل نہ ہوگا۔ کہا ابن
طاہر اور ابن جوزی نے یہ حدیث موضوع ہے لیکن ابو نعیم نے حلیہ میں مجاہد
سے اونہوں نے ابو ہریرہ سے مرفوع روایت ذکر کی ہے اور دارقطنی نے اسمین
علت ذکر کی ہے کہ مجاہد نے یہ حدیث ابو ہریرہ سے نہیں سنی ہے حدیث چاہیے
کہ شیخ علم سیکھنے سے حیا نہ کرے جیسا کہ روٹی کہانے سے حیا نہیں کرتا۔
غیر معروف ہے حدیث حیا کرنیوالا اور متکبر علم نہیں پڑھتا
قول مجاہد کا ہے جیسا کہ صحیح بخاری کے تعلیقات میں ہے، حدیث روٹی
کے گول ہونے سے لیکر کہانے والے کے پاس آنے تک اسمین تین سو ساٹھ
فرشتے عمل کرتے ہیں پہلا اونمیں میکائیل ہے کہا عراقی نے مینے اسکا اصل
نہیں پایا حدیث مسئلہ مختلف فیہ میں اللہ تعالی عذاب نہیں کرتا
کہا سخاوی نے میں ظن کرتا ہوں کہ یہ بعض سلف کے کلام ہے میں کہتا ہوں
مینے بعض مشایخ سے سنا ہے کہ وہ کہتے تھے جو شخص کسی عالم کی تابعداری
کریگا وہ اللہ تعالی کو سلامت ملیگا اور یہ آیت اوسکی تقویت کرتی ہے
(پس سوال کرو اہل ذکر کو اگر تم نہیں جانتے ہو) اور یہ حدیث میری اصحاب روشن ستارون
کے مثل ہیں جسکی اقتدا کروگے ہدایت پاؤگے) اور اسپر بہت کلام اس حدیث
کے نیچے گذر چکی ہے میری امت کا اختلاف رحمت ہے حدیث لا الا الاولک یا اللہ
سمیع علیم محیط بہ عملک کعسہلون وبالحق انزلناہ وبالحق نزل کہا سخاوی
نے یہ الفاظ بہت شہروں میں اسطرح مشہور ہیں کہ رمضان کے حافظ ہیں
غرق اور چوری اور جلنے اور تمام آفات سے نگاہ رکھتے ہیں اور آخر جمعہ میں لکھے
جاتے ہیں اور خطیب منبر پر پڑھتا ہے یہ بدعت ہیں انکا کچھ اصل نہیں اور
عسقلانی بھی منبر پر اثنا خطبہ میں جب اونہوں نے کسی کو لکھتے دیکھا انکار
کیا میں کہتا ہوں کلمہ کعسہلون مجہول ہے اسکے معنے
معلوم نہیں پس اسکا لکھنا حرام ہوا یا احتمال ہے
کہ کلمہ کفر کا ہو تو کہنے والا اس سے کافر ہوگا ✦

حرف یا آخر الحروف ✦

حدیث یا اباهریرة اذا توضأت فقل بسم الله
والحمد لله فان حفظتك لا یستریح یکتب لك الحسنات
حتی تحدث من ذلك الوضوء منکر حدیث یا احمد
بطوله موضوع کما صرح به الصغانی حدیث
یا حمیراء قال المزی کل حدیث یا حمیراء فهو موضوع
حدیث یا خیل الله ارکبی رواه العسکری فی
الامثال عن انس رضی الله عنه ان حارثة ابن النعمان
قال یا نبی الله ادع الله لی بالشهادة فدعا له قال
فنودی یوما یا خیل الله ارکبی فکان اول فارس رکب واول
فارس استشهد ذکره الزرکشی وقال السخاوی رواه ابن عائذ
فی المغازی عن الولید بن مسلم عن سعید بن بشیر عن قتادة
قال بعث رسول الله علیه السلام یومئذ یعنی یوم بنی
قریظة بعد یوم الاحزاب منادیا ینادی یا خیل الله ارکبی
وعن السهیلی فی روضه فی غزوة حنین هذه اللفظة
لصحیح مسلم فینظر منه حدیث یا شیخ ان اردت السلامة
فالتمس السلامة فی غیر مشترك منك یروی عن الشیخ ابی اسحق الشیرازی
قال رأیت النبی علیه السلام فی المنام فسألته عن حدیث
اسمعه منه وارویه عنه فقال لی یا شیخ وذکره وکان
یفرح بذلك ویقول سمانی رسول الله علیه السلام شیخنا
کذا ذکره السخاوی وقال المنوفی لا انکار فی روایة مثل
هذا عنه علیه السلام فی المنام ولا فی العمل به فانه
لیس حکما یأتی فیه الخلاف الذی ذکره اصحابنا فی
الخصائص وقال النووی فی شرح مسلم ان ما تقرر فی الشرع
لا یتغیر بسبب ما یراه النائم ثم قال وهذا فی منام یتعلق
باثبات حکم علی خلاف حکم به الولاة اما اذا رآه

حدیث اے ابا ہریرہ جب تو وضو کرے کہہ شروع کرتا ہون
ساتھ نام اللہ کی اور سب حمد اللہ کیلیے ہے۔ اسلیے کہ فرشتے نگہبان تیرے
نیکیان لکھنے سے تیری وضو کرنے تک آرام نہ پاوینگے منکر ہے حدیث
اے احمد بطولہ موضوع ہے جیسا کہ صغانی نے تصریح کی ہے حدیث
اے حمیرا کہا مزی نے جس حدیث مین اے حمیرا ہے وہ موضوع ہے حدیث
اے اللہ کی دوست تو سوار ہو عسکری نے امثال مین انس سے روایت
کی ہے کہ حارثہ بن نعمان نے کہا اے نبی اللہ کی میرے لیے شہادت کی دعا کر
تو آنحضرت نے دعا کی کہا ایک دن اسکو آواز ہوا اے دوست اللہ کی تو سوار
ہو پس وہ سب سے پہلے سوار ہوا اور سب سے پہلے شہید ہوا۔ یہ زرکشی
نے ذکر کیا ہے اور کہا سخاوی نے ابن عائذ نے مغازی مین ولید بن
مسلم سے اوس نے سعید بن بشیر سے اوس نے قتادہ سے روایت کی ہے
کہا اوس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اوس دن یعنے بنی قریظہ کے
دن بعد احزاب کی ایک شخص کو پکارنے کیلیے بھیجا کہ پکارے اے دوست
اللہ کے تو سوار ہو اور سہیلی سے روضہ مین جنگ حنین مین یہ الفاظ صحیح مسلم کیطرف
منسوب ہین پس دیکھا چاہیے حدیث اے شیخ اگر تو سلامتی چاہتا ہے
تو اسکو غیر کی ستا مین طلب کر شیخ ابی اسحق شیرازی سے روایت ہے کہا اوس
نے مینے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب مین دیکھا مینے یہ حدیث جو ان سے
سنی تھی اور روایت کرتا تھا پوچھی آنحضرت نے مجھے یا شیخ کہکر اس حدیث کو ذکر
کیا پھر وہ اس سے خوش ہوتا تھا اور کہتا تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
میرا نام شیخ رکھا ہے ایسا ہی سخاوی نے ذکر کیا ہے اور کہا منوفی نے ایسی روایت
خواب مین آنحضرت سے سننا اور اوسپر عمل کرنے مین کچھ انکار نہین اسلیے کہ اوس مین
ایسا حکم نہین جو خلاف ہمارے اصحابون کے ہو اور کہا نووی نے شرح مسلم مین جو
شرع مین ثابت ہو چکا ہے وہ خوابون سے متغیر نہین ہوتا
پھر کہا اوس نے یہ حکم ایسے خواب سے متعلق ہے جس سے
خلاف شرع کے حکم ثابت نہ ہو لیکن جب ایسی خواب

يأمره بما هو مندوب او ينهاه عن منهي عنه او ارشده
الى فعل مصلحة فلا خلاف في استحباب العمل على وفقه لان
ذلك ليس حكما بالمنام بل مما تقرر من اصل ذلك الشيء
حديث يا صفراء يا بيضاء غري غيري قاله علي كرم الله وجهه
اذ اجاءه بن القياح فقال يا امير المؤمنين امتلأ بيت
المال من صفراء وبيضاء فقال الله اكبر وقام متوكئا على
بن القياح حتى قام على بيت المال ونودي في الناس
فاعطاهم جميع ما في بيت مال المسلمين وهو يقول
يا صفراء يا بيضاء غري غيري ها وها حتى ما بقي منه
درهم ولا دينار ثم امر بنضحه اي برشه وصلى فيه
ركعتين ذكره غير واحد من الائمة **حديث** يا علي اذا
تزودت فلا تنس البصل قال السخاوي هو كذب بحت
وكذا ما اورده الديلمي عن عبد الله بن الحارث الانصاري
اخي جرير به مرفوعا عليكم بالبصل فانه يطيب النطفة
ويصح الولد **حديث** يا علي اتخذ لك نعلين من
حديد وافنهما في طلب العلم قال ابن تيمية موضوع و
في الذيل هو كما قال **حديث** يا علي ايتني بصحيفة و
دوات فاملى رسول الله صلى الله عليه وسلم
وكتب علي وشهد جبرئيل ثم طويت الصحيفة قال
الراوي فمن حدثكم انه يعلم ما في الصحيفة الا الذي املاها
وكتبها وشهدها فلا تصدقوه وهذا في المرض الذي
توفي فيه قال الصغاني في الدر الملتقط انه موضوع انتهى
وقد قال بعض الائمة في ان وصايا يا علي المصدرة بياء
النداء كلها موضوعة غير قوله عليه السلام يا علي انت مني
بمنزلة هارون من موسى الا انه لا نبي بعدي **حديث**

جسمین آنحضرت کسی مستحب امر کا حکم کرتی ہون یا بری شئے سے منع کرتی ہون
یا کسی فعل مصلحت کیطرف ہدایت کرتی ہون تو آنحضرت کی قول کے
موافق تعمل کرنیمین کسی کا خلاف نہین اسلئے کہ یہ حکم متعلق خواب سے
نہین بلکہ یہ قواعد اصل دین سے ہے **حدیث** ای سرخ ای سپید
میرے غیر کو عزت دی - یہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے کہا ہی جب اونکی پاس ابن
القیاح آیا اور کہنے لگا ای امیر المؤمنین بیت المال سونے چاندی سے پر
ہوگیا ہے تب کہا حضرت علی نے اللہ بہت بڑا ہی اور ابن القیاح پر ٹیکا
لگا کر بیت المال کے پاس کہڑے ہوگئے اور لوگون مین آوازہ دیا گیا پہر لوگون
کو تمام مال بیت المال کا بانٹ دیا گیا اور اوسوقت کہتے تھے ای سرخ ای سفید میرے غیر کو
عزت دے تا کہ اس سے ایک درم اور دینار باقی نہ رہا پہر اوسجگہ پانی چہڑکنے کا
حکم دیا اور اوسجگہ دو رکعت نماز پڑہی - یہ بہت اماموں نے ذکر کیا
ہے **حدیث** ای علی جب تو توشہ لے تو پیاز نہ بہول - کہا سخاوی
نے یہ محض کذب ہی اور ایسا ہی جو دیلمی نے عبد اللہ بن حارث انصاری بہائی
جریر سے مرفوع روایت کی ہی لازم پکڑو پیاز کو اسلئے کہ یہ نطفہ کو پاکیزہ
کرتا ہی اور اولاد کو درست کرتا ہی **حدیث** ای علی جوتیان لوہے کی بنا اور
اونکو علم کی طلب مین فنا کر - کہا ابن تیمیہ نے یہ موضوع ہی اور ذیل مین
بھی ایسا ہی ہے **حدیث** ای علی کاغذ اور دوات لا پس رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے لکہوایا اور علی نی لکہا اور جبرئیل شاہد ہوئے پہر صحیفہ
لپیٹ دیا گیا کہا راوی نے جو شخص سوای کاتب اور لکہانیوالے اور شاہد کے
بیان کرے کہ مین بھی جو صحیفہ مین ہے جانتا ہون تو اوسکی تصدیق نہ
کرو یہ مرض الموت کا قصہ ہی - کہا صغانی نے در
الملتقط مین کہ یہ موضوع ہے انتہی اور کہا بعض محققین نے
وصیتین علی کی جو ندا کے ساتھ ہین وہ سب موضوع ہین
سوا اس قول آنحضرت کی ای علی تو مجھ سے منزلہ ہارون کے
ہے موسی سے مگر یہ کہ میری بعد کوئی نبی نہین **حدیث**

یا ویح من نال الغنی بعد فاقۃ کلام بعض الکرام ولیس هو
علی اطلاقه فی المرام حدیث یؤجر المرء علی رغم انفه سئل
معنی حدیث عجب ربنا من قوم تقادون للجنة بالسلاسل
وهم له کارهون وفسر السلاسل بالقیود للاساری
وفی معناه الفقر والمرض وسائر البلایا حدیث
یؤم القوم احسنهم وجها موضوع کما فی اللآلی
مع انه لیس علی اطلاقه حدیث ید عدوك اذا لم تقدر
علی قطعها قبلها ذکر فی المجالسة عن المنصور اذا
مد الیك عدوك یده فان قدرت علی قطعها
اقطعها والا فقبلها قلت هو یقرب من حدیث
تیر قص للقرد فی دولته وتقدم اسجد له فی صولته حدیث
یس لما قرأت له قال السخاوی لا اصل له بهذا اللفظ وهو
بین جماعة الشیخ اسمعیل الجبرتی بالیمن قطعی بالتجربة
قلت وقد بلغنی ان شیعیا قرأ القرآت السبع علی شیخ من اهل
السنة وسافر الی بلاده فقیل له ما احسنك الا عیبك
ان تحك سنی فقال ما یضرنی انما الحسنت لعسل وترکت
الظرف فوصل کلامه الی الشیخ فنادی اصحابه من القرأة
یس لیرد عسلهم الیهم فلما اتموها سلب القرأة عن
قلب الشیعی فرجع الی الشیخ وتاب من بدعته وخلص من
غفلاته وافاض الله علیه من رحمته حدیث یصوم اهل
فهاهذا یقال حین یری الهلال بمکان دون مکان اذا
اختلفت المطالع قال السخاوی وهو شیء ما علمته یعنی
فی الحدیث والا ففی الفقه معروف وبالاختلاف موصوف
حدیث یساق الی مصر کل قصیر العمر اخرجه ابو نعیم
والطبرانی فی الکبیر وابن شاهین وابن السکن فی الصحابة

افسوس جسنے ہو کہہ کی بعد غنا حاصل کیا یہ بعض کرام کی کلام ہے
اور یہ بلا قید اپنی مقصود پر دلالت نہین کرتی حدیث کبھی آدمی
کو خلاف مرضی پر اجر ملتا ہی یہ اس حدیث کی معنے ہین ہمارا رب متعجب ہوتا
ہے اوس قوم سے جو زنجیرونمین جکڑ کر جنت کیطرف لائی جاتی ہی حالانکہ
وہ اس سے کراہت کرتی ہین اور سلاسل کے معنے زنجیر کے ہین جو قیدیون
کیلئے ہوتا ہی اور اسی معنے مین ہی فقیری اور مرض اور باقی مصیبتین
حدیث قوم کی امامت وہ کرائی جو سب سے خوب شکل ہو موضوع
ہے جیسا کہ لآلی مین ہی یہ مطلقا درست نہین حدیث جب تو دشمن کے
ہاتھہ کو قطع کرنے پر قادر نہو سکے تو اوسکو بوسہ دے منصور سی مجالست مین مذکور
ہے جب تیرا دشمن تیری طرف ہاتھہ لمبا کرے اگر تو اوسکو قطع کرنے پر قادر ہو تو
قطع کرو ورنہ اوسپر بوسہ دے مین کہتا ہون اس حدیث کی قریب ہے بندر کے
لئے اسکی حکومت مین رقص کر اور آگی ہو اور دبدبہ مین اسکیلیے سجدہ کر حدیث
یس جس کام کیلئے پڑھی جائے کافی ہے کہا سخاوی نے ان الفاظ سے اسکا
کچھ اصل نہین ہے شیخ اسمعیل جبرتی کی جماعت مین قطعی مجرب ہے مین کہتا ہون مجھے
خبر پہونچی ہے کہ ایک شیعی نے سات قرائتین ایک شیخ سنی سے پڑھین اور اپنی شہر کو
چلا گیا کسی نے اسکو کہا تو کیا اچھا ہی مگر ایک عیب تیرے مین ہی کہ شیخ تیرا سنی ہے
کہا اوسنے مجھے کچھ ضرر نہین مینے شہد چاٹ لیا اور برتن چھوڑ دیا جب کلام شیخ کو
پہونچی اوسنے اپنے شاگردون قاریون کو بلایا تو شہد لوٹانی کیلیئے انہونے
یٰس سے جب انہون نے ختم کیا تو شیخ نی قرائت کو شیعہ کے دل سے کھینچ لیا پھر
شیخ کیطرف آیا اور اپنی بدعت سے توبہ کی اور اپنی غفلت سے خلاص ہوا اور اللہ تعالی نے
اوسپر اپنی رحمت بہائی حدیث ہر جگہ لوگ روزہ رکھتے ہین یہ کلام اوسوقت
بولتے ہین جب ایک جگہہ چاند دیکھا جائے کہا سخاوی نے مین اسکو کسی حدیث مین
نہین دیکھا اور فقہ مین مشہور ہے اور اختلاف سے موصوف ہے حدیث
ہر شخص تہوڑی عمر والا مصر کیطرف چلایا جاویگا ابو نعیم اور طبرانی
نے کبیر مین اور ابن شاہین اور ابن السکن نے صحابہ مین +

وابن یونس وغیرهم کلهم من طریق موسی بن
علی بن رباح عن ابیه عن جده رباح رفعه ان مصر
سیفتح بعدی فانتجعوا خیرها ای اطلبوا نفعها ولا
تتخذوها دارا فانه یساق الیها اقل الناس اعمارا هذا
لفظ الاولین والباقین بمعناه قال ابن یونس انه منکر
جدا وقال اعاذ الله موسی ان یحدث بمثل هذا
فانه کان اتقی لله من ذلك وتبعه ابن الجوزی فاورده
فی الموضوعات وقال البخاری انه لا یصح حدیث یقی الحر
الذی یقی البرد معناه صحیح ولیس بحدیث ذکره ابن الربیع
قلت وهو مستفاد من قوله تعالی (وسرابیل تقیکم الحر) ای
والبرد فهو من باب الاکتفا بذکر احد الضدین عن
الاخر فتامل وتدبر حدیث الیقین الایمان کله موضوع
علی ما ذکره الصغانی حدیث یوم الاربعاء یوم نحس
مستمر اخرجه الطبرانی فی الاوسط عن جابر رضی الله عنه
قال السخاوی لا اصل له وفی فضیلة والتنفیر منه
احادیث کلها واهیة قلت وعلی تقدیر صحة هذا
الحدیث اربعة فهو تفسیر لقوله تعالی (یوم نحس مستمر)
بانه یوم الاربعاء وقد کان نحسا وشوما علی الاعداء وکان
سعدا ومبارکا علی الاحباء قال وکذا ما یروی فی ایام
الاسبوع مرفوعا یوم السبت یوم مکر وخدیعة ویوم
الاحد یوم غرس وبناء والاثنین یوم سفر وطلب
رزق والثلاثا یوم حدید وباس والاربعاء یوم لا
اخذ ولا عطاء والخمیس یوم طلب الحوائج والجمعة
یوم خطبة النکاح اخرجه ابو یعلی من حدیث ابن
عباس فهو ضعیف ایضا لکن یروی عن عائشة

اور ابن یونس وغیرہم نے طریق موسیٰ بن علی بن رباح سے وے
باپ سے اور وے دادا رباح سے مرفوع روایت ذکر کی ہے کہ مصر جلدی تیرے بعد فتح
ہوگا تو اس سے نفع طلب کرو اور اسکو گھر نہ بناؤ اسلیئے کہ اسکی طرف کم
عمر والے آدمی چلائے جاینگے یہ الفاظ پہلیوں کے ہیں اور باقی اسکے معنی میں
ہیں۔ کہا ابن یونس نے یہ منکر ہے اور کہا اوس نے پناہ دے اللہ تعالی
موسے کو اس بات سے کہ ایسی حدیث بیان کرے اسلیئے کہ وہ اللہ تعالی سے بہت
ڈرتا تھا اور ابن جوزی اسکا تابع ہوا ہے اور موضوعات میں لایا ہے اور کہا
بخاری نے یہ صحیح نہیں **حدیث** جو چیز گرمی سے بچاتی ہے وہی سردی
سے بچاتی ہے معنے اسکی صحیح ہیں ابن ربیع نے ذکر کیا ہے کہ یہ حدیث نہیں
میں کہتا ہوں یہ اس آیت سے مستفاد ہے (اور لباس تمکو گرمی سے نگاہ
رکھتا ہے) اور سردی سے یہ بات اکتفا سے ہے یعنے ایک ضد کو ذکر کیا اور
دوسرے کو نہ کیا۔ فکر کر اور سمجھ **حدیث** یقین ایمان ہے تمام صغانی نے ذکر
کیا ہے کہ یہ موضوع ہے **حدیث** بدہ کا دن ہمیشہ نحس ہے یہ طبرانی اوسط
میں جابر سے لایا ہے کہا سخاوی نے اسکا کچھ اصل نہیں اور فضیلت اور
تنفیر میں جو حدیثیں ہیں وہ سب ردی ہیں میں کہتا ہوں اگر اس
حدیث کو صحیح مانا جاوے تو اربعہ صفت یوم نحس مستمر کی ہے اس
طرح سے کہ بدہ کا دن دشمنوں پر شوم اور نحس تھا اور دوستوں پر مبارک
اور سعد ہوگیا۔ کہا اوس نے ایسے ہی ہے وہ روایت جو
ہفتہ کے دنوں میں بیان کی گئی ہے شنبہ کا دن مکر اور فریب
کا ہے اور آیت کا دن شادی کا ہے اور پیر کا دن سفر اور
طلب رزق کا ہے اور منگل کا دن خوف اور خطرہ کا ہے اور
بدہ کا دن نہ لینے اور دینے کا ہے اور جمعرات کا دن حاجات
طلب کرنیکا ہے اور جمعہ کا دن خطبہ نکاح کا ہے یہ حدیث
ابو یعلی ابن عباس سے لایا ہے اور ضعیف ہے لیکن
عائشہ سے مروی ہے کہ ✤ ✤ ✤ ✤ ✤ ✤ ✤ ✤

انها قالت ان احب الايام التي يخرج فيه مسافري
وانكح فيه واختن فيه صبي يوم الاربعاء انتهى كلام
السخاوي وتقدم بعض الكلام على حديث ما بدئ شئ
يوم الاربعاء الا وتم والله سبحانه اعلم **حديث**
يوم صومكم يوم نحركم لا اصل له كما قال احمد وغيره
ذكره السخاوي وذكره الزركشي بلفظ نحركم يوم صومكم
قال احمد بن حنبل لا اصل له قلت ولو صح حمل على انه
او على سنة وروده وهو عام حجة الوداع او غيره
والله اعلم **فصل** **حديث** قال الشيخ مشايخنا
الحافظ شمس الدين السخاوي في خاتمة المقاصد
الحسنة في بيان الاحاديث المشتهرة على الالسنة واذا
انتهينا اوردناه مما استحضرناه فلنلحق بذلك ما اشتهر من
لقاء بعض الائمة ونحوهم لبعض وكذا التصانيف بعض
الناس وقبور الاقوام ذوي جلالة مع بطلان ذلك كله و
اناس يذكرون بين كثير من العوام بالعلم اما مطلقا
او في خصوص علم معين وربما تساهل في ذلك من لا معرفة
له بذلك تقليدا واستصحب ما كان متصفا به ثم زال
بالترك او تشاغل بما انسلخ به عن الوصف الاول و
هو في جميع هذا كثير لا ينحصر فمن الاول قول ابن تيمية
ما اشتهر من ان الشافعي واحمد اجتمعا بشيبان
الراعي وسالاه فباطل باتفاق اهل المعرفة لانهما لم
يدركاه قال وكذلك ما ذكروه من ان الشافعي اجتمع
بابي يوسف عند الرشيد باطل فلم يجتمع الشافعي
بالرشيد الا بعد موت ابي يوسف وقال الحافظ ابن
حجر وكذا الرحلة المنسوبة للشافعي الى الرشيد وان محمدا

کہا اوس نے پسندیدہ دن میری نزدیک جسمین میرے مسافر نکلے اور جس
مین نکاح کرون اور جسمین لڑکے کا ختنہ کرون بدھ کا دن ہے
کلام سخاوی کی تمام ہوئی اور اس حدیث پر کلام پیچھے گذر چکی ہے
جو چیز جمعہ کی دن ظاہر ہو وہ تمام ہو جاتی ہے اور اللہ تعالی بہتر جانتا
ہے **حدیث** دن تمہارے روزے کا نحر کا دن ہے سخاوی نے ذکر کیا ہے
کہ امام احمد وغیرہ نے کہا ہے کہ اسکا کچھ اصل نہیں ہے اور زرکشی نے ان
لفظون سے بیان کیا ہے نحر روزے تمہاری کا دن ہے پھر کہا امام احمد بن حنبل
نے اسکا کچھ اصل نہیں اگر صحیح ہو تو غالب وقت پر محمول ہوگی یا سال
حجۃ الوداع پر یا کسی غیر پر واللہ اعلم **فصل** **حدیث** شیخ حافظ
شمس الدین سخاوی نے مقاصد الحسنہ کی خاتمہ مین احادیث مشہورہ کا
حال اسطرح بیان کیا ہے جس چیز کو ہم نے حصر کیا تھا جب وہ تمام ہو چکی تو
اوسکی ساتھ حال لقاء بعض اماموں کا بعض سے اور حال تصانیف کا بعض
آدمیون کے طرف منسوب ہین اور حال بزرگون کی قبرون کا بوجہ سبب کے
بطلان کے اور حال ان لوگون کا جو عوام الناس مین بسبب علمون یا
بعض مین مشہور ہین ملحق کرتی ہین اور اکثر اوقات جاہل آدمی اسمین
بسبب تقلید کی آرام پاتا ہے اور اس سے صحبت کرتا ہے جو اسسے
متصف ہو پھر چھوٹنی سے دور ہو جاتا ہے یا شغل پکڑتا ہے وصف اول
سے جو اس سے خالی ہو اور ان سہارون کا حصر نہیں ہو سکتا پس
اول قسم کا یہ ہے ابن تیمیہ نے کہا ہے کہ یہ جو مشہور ہے کہ شافعی اور احمد نے
بشیبان راعی سے ملاقات کی ہے اور پوچھا ہے باتفاق اہل معرفت کے باطل
ہے اسلیے کہ اونہون نے اسکو نہین دیکھا کہا ایسا ہی ہے یہ قصہ جو لوگ
ذکر کرتے ہین کہ شافعی نے امام ابی یوسف کی ساتھ رشید کے پاس ملاقات
کی ہے یہ باطل ہے شافعی نے رشید سے نہین ملاقات کی مگر ابو یوسف کی
موت کی بعد اور کہا حافظ ابن حجر نے ایسا ہے یہ قصہ کہ
شافعی نے رشید کی طرف رحلت کی اور محمد +

ابن الحسن حرضہ علی قتلہ وان اخرجھا البیھقی فی
مناقب الشافعی وغیرہ فھو موضوعۃ مکذوبۃ و
من الثانی قول المیمون سمعت احمد بن حنبل یقول
ثلاثۃ کتب لیس لہا اصول المغازی والملاحم والتفسیر قال
الخطیب فی جامعہ وھذا محمول علی کتب مخصوصۃ
فی ھذہ المعانی الثلاثۃ غیر معتمد علیہا لعدم عدالۃ
ناقلیہا وزیادۃ القصاص فیہا واما کتب الملاحم فجمیعہا
بھذہ الصفۃ ولیس یصح فی ذکر الملاحم المرتقبۃ و
الفتن المنتظرۃ غیر احادیث یسیرۃ واما کتب
التفسیر فمن اشہرھا کتابا الکلبی ومقاتل بن سلیمان
وقد قال احمد فی تفسیر الکلبی من اولہ الی آخرہ کذب قیل لہ
فیحل النظر فیہ قال لا قلت وقد قال الزرکشی و کتاب
مقاتل قریب منہ قال السیوطی ومنہ کتب صحیحۃ و نسخ
معتبرۃ بینت حالہا فی آخر کتاب الاتقان فی علوم
القرآن وسطرتہا کلہا فی تفسیر المسند انتہی و اما
المغازی فمن اشہرھا کتاب محمد بن اسحاق وکان
یأخذ من اھل الکتاب وقد قال الشافعی کتب الواقدی
کذب ولیس فی المغازی صحیح من مغازی موسی بن
عقبۃ انتہی ومن القبول یذکر بجبل لبنان من البقاع
انہ قبر نوح علیہ السلام وانما حدث فی اثناء المائۃ السابعۃ
والمشہد الذی ینسب لابی بن کعب بالجانب الشرقی من
دمشق مع اتفاق العلماء انہ لم یقدمہا فضلا من دفنہ
فیہا والمکان المنسوب لابن عمر من الجبل الذی بالمعلات
بصحیح مع ان اتفقوا علی انہ توفی بمکۃ والمکان الذی ینسب
لعقبۃ بن عامر من قرافۃ مصر انما ھو منام رآہ بعضہم

بن حسن نے رشید کو اوسکے قتل پر آمادہ کیا اگرچہ بیہقی مناقب شافعی وغیرہ
مین لایا ہی موضوع اور کذب ہی اور دوسری قسم سی کہا میمون نے مینے
امام احمد بن حنبل سی سنا ہی کہ کہتے تھے تین کتابون کا کچھ اصل نہین
ہے مغازی اور ملاحم اور تفسیر کہا خطیب نے جامع مین اس سے
کتب مخصوصہ مراد ہین جو معتمد علیہ بسبب عدم عدالت ناقلون
کے اور زیادہ قصون کے نہین ہین - لیکن کتب ملاحم کی تو سب اسی
صفت سی ہین ملاحم اور فتنون کی باب مین سوائے چند احادیث
کے کوئی صحیح نہین اور کتب تفسیر کی تو مشہور تر انسے تفسیر کلبی
اور مقاتل بن سلیمان کی ہے کہا امام احمد نے تفسیر کلبی
کے اول سی آخر تک کذب ہی امام احمد سی سوال ہوا کیا
اسمین نظر کرنی حلال ہی جواب دیا نہین - مین کہتا ہون کہا
زرکشی نے کتاب مقاتل کی اسکی قریب ہی اور کہا سیوطی نے
بعض کتابین اوس سے صحیح ہین مینے انکا احوال اتقان کے
آخر مین بیان کیا ہی اور تفسیر مسند مین اچھی طرح سے لکھا ہے
انتہی اور کتابین مغازی یعنے لڑائی کی انسے کتاب محمد بن
اسحاق کی زیادہ مشہور ہی وہ اہل کتاب سی پکڑتا تہا اور کہا شافعی نے
کتابین واقدی کی کذب ہین اور مغازی مین موسی بن عقبہ کی کتاب
سے کوئی زیادہ صحیح نہین انتہی اور قبرون کا حال جبل لبنان کی کسی میدان
مین قبر نوح علیہ السلام کی ہے اور ساتوین صدی کی وسط مین ظاہر
ہوئی ہے - اور مشہد ابی بن کعب کا دمشق کی جانب شرقی مین
مشہور ہے حالانکہ عالمون کا اتفاق ہے کہ وہ اسجگہ نہین آئے چہ جائی
کہ اسجگہ دفن ہوئی ہون اور وہ مکان جو ابن عمر کی طرف منسوب ہے
معلات کی پہاڑ مین کسی وجہ سے صحیح نہین اگرچہ لوگون نے اتفاق کیا
ہے کہ وہ مکہ مین دفن کیے گئے ہین اور وہ مکان جو عقبہ بن عامر کیطرف منسوب ہے
مصر کی اطراف مین وہ بہت مدت کی بعد کسی نے خواب مین دیکھا ہی

بعد مدة متطاولة والمكان المنسوب لابی هريرة
بعسقلان انما هو قبر حيدرة بن خيشنة كما
جزم به بعض الحفاظ الشاميين ولكن قد
جزم ابن حبان وتبعه شيخنا بالاول والمكان المعروف
بالمشهد الحسين من القاهرة ليس الحسين مدفون
به بالاتفاق وانما فيه راسه فيما ذكره بعض
المصريين ونفاه بعضهم قاله شيخنا يعني
العسقلاني واما التقي بن تيمية فقد رايت له
جوابا بالغ في انكار ذلك واطال فيه والمكان
المعروف بالسيدة نفيسة ابنة الحسن بن زيد
بن الحسن بن علي بن ابيطالب فقد ذكره بعض
اهل المعرفة ان خصوص هذا المحل الذي يزار
ليس هو قبرها ولكنها في تلك البقعة بلا
واستيفاء ذلك مع ما بعده بطول وهو جدير
بايراده في تأليف انتهى **فصل** اقول ومما
يلحق به ما قاله العلامة الشيخ محمد بن الجزري
لا يصح تعيين قبر نبي غير نبينا عليه السلام
في تلك القرية لا بخصوص تلك البقعة انتهى
وكانه فيه اشارة الى ان لا وجود لنور القمر و
الكواكب بعد ظهور ضياء الشمس وايماء الى نسخ
سائر الاديان في جميع الاماكن والازمان ولئلا
يشاركه احد في زيارته لتعظيم له الشان كما ان
من الحكمة في دفنه عليه السلام بالمدينة لئلا
ينقص رتبته لو دفن بمكة في جنب بيت الله الحرام
ودفن بمكة كثير من الصحابة الكرام اما مقام

سوی سيدنا ابراهيم عليه السلام

اور وہ مکان جو ابی ہریرہ کی طرف عسقلان مین منسوب ہے
اوسمین حیدرہ بن خیشنہ کی قبر ہے جیسا کہ بعض حفاظ شامیون
نے جزم کیا ہے لیکن ابن حبان نے پہلی بات پر جزم کیا ہے اور
ہمارا شیخ اسی کا تابع ہوا ہے اور وہ مکان جو مشہد حسین
کا قاہرہ سے معروف ہی بالاتفاق حسین اسجگہ مدفون
نہین ہے ہان اسمین انکا سر مبارک ہی بعض مصریون نے اسکا
اثبات کیا ہے اور بعضون نے نفی کی ہے لیکن شیخ ابن تیمیہ کا
ایک جواب لکہا ہے اوسنے اسکے انکار مین بڑا مبالغہ کیا ہے
اور وہ مکان جو سیدہ نفیسہ بنت حسن بن زید بن حسن بن
علی بن ابیطالب سے معروف ہی بعض اہل معرفت نے ذکر کیا ہے
خصوصًا وہ محل جسکی زیارت کی جاتی ہے وہ اوسکی قبر نہین ہے
ہان اوس تمام میدان مین ہے اسکا تمام احوال ذکر کرنا
بہت بڑا ہے اسلئے بہتر ہے کہ علیحدہ کتاب مین ذکر کیا جائے
انتہے **فصل** مین کہتا ہون اسکے ساتھ یہ بھی ملانا
مناسب ہے جو علامہ شیخ محمد بن الجزری نے کہا ہے کہ
مقرر کرنا کسی نبی کی قبر کا سوائے قبر محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
کے صحیح نہین - ہان ہماری سردار ابراہیم علیہ السلام اس گاؤن
مین ہین نہ خاصکر اس میدان مین انتہے گویا یہ اسبات کیطرف
اشارہ ہی کہ بعد ظہور روشنی آفتاب کی ستارہ اور چاند کا نور باقی
نہین رہتا اور تمام دینون کا سب شہرون اور زمانون مین نسخ
ہو گیا ہے اور تاکہ کوئی آنحضرت کا زیارت کی باب مین شریک
نہو جیسا کہ ذکر کیا گیا ہے کہ آن حضرت کا مدینہ مین دفن
ہونا حکمت ہی اگر مکہ مین بیت الحرام کی کسی جانب دفن
ہوتے تو اوس کا رتبہ ناقص ہو جاتا اور مکہ مین بہت
صحابی مدفون ہوئے ہین لیکن قبرین اونکے

فغیر معروفة کما ذکرہ الاعلام حتی قبر خدیجة
انما بنی علی ما وقع لبعضهم من المنام ثم اختلفوا
فی مکان مولدہ علیہ السلام واشتہر عند اهل
مکة بالموضع المعروف عند الانام اما ما احدثوا
من موالید ابی بکر وعمر وعلی رضی اللہ عنہم مع
عدم ثبوتها فلا یظهر وجہ التبرک بارضها الا
باعتبار مآل امرهم وعلو قدرهم فی اواخرهم
والا فحین ولادتهم لم یکن لهم شئ من ولایتهم نعم
ظهر فی الاحوال اللاحقة انهم سبقت لهم الحسنی
فی الازل السابقة ومن جملة مفتریات الشیعة
الشنیعة جعل صورة قبر آدم ونوح علیهما السلام
بجنب قبر علی رضی اللہ عنہ مع ان قبرہ ایضا لیس
بثابت وانما بنی علی امر المنام ونحوہ من الکلام و
لعل الباعث علی ما فعلوہ انهم لما رأوا مقام الشیخین من
الصحابة الکرام فی صریحة علیہ السلام قصدوا
بالتزویر جبر علی رضی اللہ عنہ عن تفردہ فی ذلک
المقام وکذا ما ینسبون من ابراء الاعمی والاشل والمقعد و
نحوهم فی مقبرة الامام علی بن موسی الرضا علیہ و
علی ابائہ التحیة والثنا فانہ زور وبهتان وکذا ما
ادعاہ جهلة اهل الحرمین برؤیة النور عند قبرہ
علیہ السلام بخصوص لیلة المعراج فانہ کذب من عمل
اهل البطلان والزور واما نورہ علیہ السلام فهو
فی غایة من الظهور شرقا وغربا واول ما خلق اللہ
نورہ وسماہ فی کتابہ نورا وفی دعائہ علیہ
السلام اللهم اجعلنی نورا وفی التنزیل ایرید ون

معروف نہین ہین جیسا کہ عالمون نے ذکر کیا ہے حتی کہ قبر خدیجہ علیہا
السلام کی وہ بھی بعض لوگون کے خواب کی دیکھنے سے بنا ہوئے
پھر لوگون نے آنحضرت کی ولادت گاہ مین اختلاف کیا ہے اگرچہ مکہ والون
مین ایک جگہہ معروف ہے - لیکن ولادت گاہ ابوبکر اور عمر اور علی کے
مقرر کرنی باوجودیکہ اسکا ثبوت کچھہ نہین - اسکے تبرک کی کوئی
وجہ معلوم نہین ہوتی مگر باعتبار انکے مآل امر کی اور انکی علو قدر کی
آخر مین نہ وقت ولادت انکی کے انکو کوئی شئے ولایت سے
حاصل نہ تھے ہان انکے احوال لاحقہ سے معلوم ہوا کہ انکو ازل
مین نیکے حاصل تھے اور شیعون کے افترا سے ہی کہ قبر آدم
اور نوح علیہما السلام کی علی کی قبر کے جانب بنائی ہی باوجودیکہ قبر علی
کی ثابت نہین ہے ہان بعض کے خواب وغیرہ کے موافق بنائی
گئے ہی شاید سبب انکے اسطرح کرنیکا یہ ہوا ہے کہ جب ونہون نے
مقام شیخین کا صحابہ سے آنحضرت کی قبر کی جانب دیکھا تو
فریب سی علی کی اکیلا ہونیکا جبر نقصان اسطرح کیا - اور
یہ جو لوگ کہتے ہین کہ قبر امام علی بن موسے الرضا کی
پر اندہا اور لنگڑا اور بیٹھنے والا وغیرہ تندرست ہو
جاتے ہین - کذب اور بہتان ہے اور ایسا ہے جو جاہل
لوگ حرمین شریفین کے دعوی کرتے ہین کہ حضرت
کے قبر کے پاس نور دکھلائی دیتا ہے خصوصا معراج
کے رات مین یہ اہل کذب کا مقولہ ہے لیکن نور آن
حضرت کا وہ مشرق اور مغرب مین بہت ظاہر ہے
اللہ تعالے نے سب سی پہلے انکا نور پیدا کیا اور قرآن
مین انکا نام نور رکھا اور آن حضرت کی دعا مین ہے
یا اللہ مجھے نور کردے اور قرآن شریف
مین ہے (ارادہ کہتے ہین ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣

ان يطفئوا نور الله بافواههم ويابى الله الا ان يتم نوره)
وقال تعالى (الله نور السموات والارض مثل نوره) فى قلب
محمد وقال عز وجل (ومن لم يجعل الله له نورا فما له من
نور) لكن هذا النور ليس له الظهور اما فى عين اهل
البصيرة فانها لا تعمى الابصار ولكن تعمى القلوب التى فى
الصدور وفى الخلاصة قال الشيخ قد صنف فى كتب
الحديث وجميع ما احتوت عليه موضوع كموضوعات الصغانى
ومنها الاربعون الودعانية ومنها وصايا على كلها
موضوعة سوى الحديث الاول وهو يا على انت منى بمنزلة
هرون من موسى غير انه لا نبى بعدى قال الصغانى ومنها
وصايا على كلها التى اولها يا على لفلان ثلث علامات
وفى آخرها النهى عن المجامعة فى اوقات مخصوصة كلها
موضوعة وآخر هذه الوصايا يا على اعطيتك فى هذه
الوصية علم الاولين والآخرين وضعها حماد بن عمرو
النصيبى وقال السيوطى فى اللآلى وكذا وصايا على موضوعة
واتهم به حماد بن عمرو وكذا وصايا النبى وضعها عبد الله
بن زياد بن سمعان او شيخه قال الصغانى واول هذه
الودعانيات كان الموت فيها على غيرنا كتب وقد ذكرناه
مع غيره من موضوعات الشباب وآخرها ما من بيت الا
وملك يقف على بابه خمس مرات فاذا وجد الانسان
قد نفد اكله وانقطع اجله القى عليه غم الموت فغشيته
كرباته وغمرته سكراته قال السيوطى فى الذيل ان الا
الودعانية لا يصح فيها حديث مرفوع على هذا النسق
بهذه الاسانيد وانما يصح منها الفاظ يسيرة وان كان
كلامها حسنا وموعظة فليس كل ما هو حق حديثا

کہ اوسکی نور کو اپنی منہ سے گل کردین اور انکار کرتا ہی اللہ مگر یہ کہ تمام کری
اپنے نور کو) اور اللہ تعالی نے فرمایا ہے (اللہ تعالی آسمانون اور زمین کا نور ہے
مثال اوسکی نور کی) محمد کی دل مین ہے اور فرمایا ہے اللہ تعالی نے (اور جسکے لئے
اللہ تعالی نور نہ کرے تو اوسکے لئے کچھ نور نہین ہے) البتہ اوس نور کیلیے ظہور
نہین ہے) لیکن اہل بصیرت کی آنکھو نہین تو آنکھیں اندھی نہین ہوتین لیکن دل
جو سینون مین ہین وہ اندھے ہوتے ہین - اور شیخ نے خلاصہ مین لکھا ہی
کہ حدیثین جو کتابین تصنیف کی گئی ہین جو ان مسائل پر شامل ہین وہ
موضوع ہین موضوعات صغانی کے طرح اور اسی قسم سے ہی اربعون
ودعانی اور وصایا علی کے سب موضوع ہین سوا اول حدیث کی اور وہ
یہ ہے اے علی تو میری نسبت بمنزلہ ہارون کے ہے موسی سے سوا اسکے کہ میرے بعد نبی نہین ہے
کہا صغانی نے اسی قسم سے ہین وصایا علی کی جنکے اول مین (اے علی فلانے
کے لئے تین علامتین ہین) ہے اور آخر مین مجامعت سے اوقات مخصوصہ
مین) ہے یہ سب موضوع ہین اور آخر اون وصیتون کے یہ ہے اے علی دیے مین نے اس وصیت
مین تجھکو علم پہلون اور پچھلون کا دیدیا ہے یہ حماد بن عمرو نصیبی نے بنائی
اور کہا سیوطی نے لآلی مین وصیتین علی کی موضوع ہین اور حماد بن عمرو
اسے متہم ہے اور ایسا ہی وہ وصیتین جنکو عبد اللہ بن زیاد بن سمعان
نے یا اوسکے شیخ نے بنایا ہے - کہا صغانی نے ودعانیات کی پہلی
حدیث یہ ہے موت ہمارے غیر پر لکھی گئی تھی اور ہمنے اسکو ساتھ غیر کے موضوعات
شباب سے ذکر کر دیا ہے اور انکے آخر کی یہ ہے کوئی ایسا گھر نہین جسکے دروازہ
پر پانچ مرتبہ فرشتہ کھڑا نہ ہو جب دیکھتا ہے کہ کھانا آدمی کا تمام ہو
ہے اور اجل اسکے قطع ہوگئی ہے تو اوس پر موت کا غم ڈالتا ہے تو اوسکو
کے سختی اور مصیبت ڈھانک لیتی ہی کہا سیوطی نے ذیل مین کہ ودعانیہ
مین کوئی حدیث مرفوع اسطرح ان سندون سے صحیح نہین ہے تھوڑے الفاظ
صحیح ہین اگرچہ کلام اس کے عمدہ اور نصیحت آمیز ہے اور یہ
بات نہین ہے کہ جو حق ہو وہ حدیث ہی ہے + + + +

بل عكسه وهي مسروقة سرقها ابن ودعان من
واضعها زيد بن رفاعة ويقال انه الذي وضع رسائل
اخوان الصفا وكان من اجهل خلق الله في الحديث
واقلهم حياء واجرؤهم على الكذب قال الصغاني ومنها
كتاب فضل العلماء للمحدث شرف البلخي واوله
من تعلم مسئلة من الفقه فله كذا ومن الاحاديث
الموضوعة باسناد واحد احاديث الشيخ المعروف
بابن ابي الدنيا وهو الذي يزعمون انه ادرك عليا
وعمر طويلا واخذ بركابه فركب فاصابه ركابه فشجه
فقال مد الله في عمرك مدا واحاديث ابن نسطور الرومي
واحاديث بشر ونعيم بن سالم وخراش عن انس واحاديث
دينار عنه واحاديث ابي هدبة ابراهيم بن هدبة
القيسي ومنها كتاب يعرف بمسند انس البصري مقدار
ثلثمائة يرويه سمعان بن المهدي عن انس واوله امتي
في سائر الامم كالقمر في النجوم وفي الذيل سمعان
بن المهدي عن انس لا يكاد يعرف الصقت به نسخة
مكذوبة قطع الله من وضعها وفي لسان الميزان هي
من رواية محمد بن مقاتل الرازي عن جعفر بن
هارون عن سمعان فذكر النسخة وهي اكثر من
ثلاث مائة حديث اكثر متونها موضوعة قال الصغاني
ومنها الاحاديث التي تروى في تسميتها باحمد لا
تثبت شي منها ومنها خطبة الوداع من ابي الدرداء
رفعه واوله لا يركب احدكم البحر عند ارتجاجه قلت و
منها مسائل عبد الله بن سلام في امتحان النبي عليه
السلام وهي قدر كراستين من مهملات الكلام وفي

بلکہ اسکا عکس ہے یہ ابن ودعان نے زید بن رفاعہ سے چوری کی ہے
اور کہا گیا ہے کہ اسی نے رسائل اخوان الصفا بنایا ہے حالانکہ سب خلق اللہ سے
مجہول ہے اور کمتر ہے حیا میں اور جہوٹھ پر بڑا دلیر ہے۔ کہا صغانی نے
اسی قسم کی ہے کتاب فضل العلما جو محدث شرف البلخی کی ہے۔ اول اسکا
یہ ہے جو شخص فقہ سے ایک مسئلہ سیکھے تو اسکے لئے اتنا اجر ہے۔ اور شیخ
ابن ابی الدنیا نے ایک سند سے کئی حدیثیں بنائی ہیں اور یہ وہ شخص ہے
کہ جسکے حق میں لوگ کہتے ہیں کہ اسنے حضرت علی اور عمر کے بہت
مدت تک صحبت کی ہے اور اسنے اوسکے رکاب کو پکڑا اور سوار ہوا
تو اوسکو رکاب لگی اور زخمی ہوا پہر اوسنے دعا دی کہ اللہ تعالے تیری
حیاتی دراز کرے اور حدیثیں ابن نسطور رومی اور حدیثیں بشر اور نعیم
بن سالم اور خراش کے انس سے اور حدیثیں دینار کی اوس سے
اور حدیثیں ابی ہدبہ ابراہیم ابن ہدبہ القیسی کی ایسی ہی ہیں اور
اسی قسم سے ہے مسند انس البصری کی جسمیں مقدار تین سو حدیث ہے
ہے اسکو سمعان بن المہدی انس سے روایت کرتا ہے اول حدیث
اسکے یہ ہے میری امت تمام امتوں میں مثل چاند کی ہے ستاروں میں
اور ذیل میں ہے کہ سمعان بن المہدی نے انس سے کچھہ نہیں لیا اسکا
ایک نسخہ جہوٹھا کہیں سے ملا اللہ تعالے اوسکے بنانے والے کو قطع کرے
اور لسان المیزان میں ہے یہ روایت محمد بن مقاتل رازی کی ہے اوسنے جعفر
ابن ہارون سے اوسنے سمعان سے اور نسخہ کا ذکر کیا اوسمیں تین سو روایت
سے زیادہ ہے اکثر متون اوسکی موضوع ہیں لکہتے ہے کہا صغانی نے جو
حدیثیں احمد نام رکہنے کی ہیں اونسے کوئی شئے ثابت نہیں ہے اور اسی قسم سے
ابو الدرداء سے وداع کا خطبہ جو مرفوع ہے ابتدا اسکا یہ ہے دریا کی جوش
کے وقت کوئی تم سے سوار نہو میں کہتا ہوں اسی قسم سے ہیں مسائل عبد اللہ
بن سلام کے جو اوسنے امتحان کے لئے آنحضرت سے پوچھے تھے اور وہ
مہمل کلام سے قدر بیاض کے ہونگے — اور

اللآلی الخطبة الاخیرة عن ابی هریرة وابن عباس
بطولها موضوع اتهم به میسرة بن عبد ربه لا بورك
فیه عند ربه وفی الوجیز قال ابن عدی کتبت
وجملة عن محمد بن الاشعث عن موسی بن اسمعیل
ابن موسی بن جعفر عن ابائه الی علی رفعها اذا
خرج الینا نسخة قریبا من الف حدیث عن موسی
المذکور من ابائه بخط طری عامتها مناکیر قال
الدارقطنی انه من ایات الله وضع ذلك الکتاب
یعنی العلویات قال العسقلانی وسماه السنن وکله
بسند واحد منه لا خیل ابقی من الادهم ولا امرءة کابنة
العم وعبدالله ابن احمد عن ابیه عن علی الرضا عن
ابائه یروی نسخة موضوعة باطلة ماینفك عن
وضعها وعن وضع ابیه کذا ذکره بعضهم ونسبة الوضع
الی الرضا وابیه غیر مرضیة وکذا نسبتها الی عبدالله
بن احمد غیر صحیحة ان کان المراد به الامام احمد
بن حنبل فتامل فانه محل زلل ثم اسحق الملطی له
اباطیل منها لا یحل لامرءة تومن بالله ان تضع الفرج
علی السرج ومن منع الماعون لزمه طرف البخل
قلت وفی الثانی مستفاد من قوله تعالی (ویمنعون الماعون)
ومنها لعن الله الناظر والمنظور الیه ومنها لا تقولوا
مسیجد ولا مصیحف ونهی عن تصغیر الاسماء
المعظمة وان یسمی حمدون او علوان او یعموش و
غیر ما وروی عن ابن جریج عن عطا عن ابی سعید
الوصیة لعلی فی الجماع وکیف یجامع فانظر الی هذا
الدجال ما اجرأه قلت اراد بالدجال الراوی عن ابن

لآلی مین ہے کہ خطبہ اخیرہ ابی ہریرہ اور ابن عباس سے تمام موضوع ہے
میسرہ بن عبدربہ اوس سے متہم ہے اللہ تعالی اسکو برکت نہ دے۔ اور وجیز
مین ہے کہا ابن عدی نے مینے چند جملہ محمد بن اشعث سے اوسنے موسی بن
اسمعیل سے اور ابن موسے بن جعفر سے اوسنے اپنے باپ سے
علی تک اوسنے انکو مرفوع کیا تھا لکھی تھے کہ کسی شخص نے ہمارے
پاس ایک نسخہ جسمین تخمینا ہزار حدیث کی ہوگی موسے مذکور سے
اوسنے باپ سے تازہ خط سے لکھا ہوا پیش کیا اکثر اوسمین منکر حدیثین
تہین کہا دارقطنی نے یہ اللہ تعالی کے نشانیون سے ہے اس کتاب کو
علویون نے بنایا ہے کہا عسقلانی نے اسکا نام سنن رکہا وہ تمام
کتاب ایک سند سے ہے، نہین کوئی گھوڑا اچھا ادہم سے
کوئی کچھو باقی اور نہ کوئی عورت مثل بیٹی چچا کے۔ عبداللہ ابن احمد
اپنے باپ سے وہ علی رضا سے وہ اپنے باپ سے ایک نسخہ موضوعہ باطلہ روایت کرتا ہے اوسکے
وضع یا اوسکے باپ کے وضع سے خالی نہین ہے ایسا ہی بعضون نے ذکر کیا ہے،
اور نسبت وضع کی رضا کیطرف یا اوسکے باپ کیطرف کرنی پسندیدہ نہین ہے
اور ایسا ہی نسبت عبداللہ بن احمد کیطرف صحیح نہین اگر مراد اس سے امام احمد
بن حنبل ہون۔ فکر کر اسلیئے کہ محل لغزش کا ہے۔ پھر ملطی نے اسکے
بہت جھوٹہ بیان کیئے ہین بعض انمین سے جو عورت اللہ تعالی سے ایمان لائی ہے
اسکو حلال نہین کہ کاٹھی پر فرج رکھے۔ اور جسنے کسی کو برتنون سے منع کیا تو
بخل اوسکو لازم ہوا۔ مین کہتا ہون دوسری شق اس آیت سے مستفاد ہے اور
منع کرتے ہین برتنون سے) اور بعضی انمین سے اللہ تعالی ناظر اور منظور الیہ پر لعنت کرے
اور بعض انمین سے مسجد اور مصحف تصغیر سے کہو اور معظم نامون کی تصغیر سے
منع کیا اور حمدون یا علوان یا یعموش وغیرہ نام رکھنے سے منع کیا اور ابن
جریج نے عطا سے اوسنے ابی سعید سے علی کو وصیت جماع کے
باب مین اور کسطرح جماع کرے روایت کی ہے۔ ایسے دجال کو دیکھنا چاہیے
کہ کیسی اوسنے دلیری کی ہے۔ مین کہتا ہون مراد اسکے دجال سے وہ ہے جسنے

جریج والا فهو امام جلیل وقال الدیلمی اسانید کتاب
العروس لابی الفضل جعفر بن محمد بن جعفر بن محمد بن
علی بن الحسین واهیة لا یعتمد علیها واحادیثه منکرة
قلت ومن القواعد الکلیة ان نقل الاحادیث النبویة
والمسائل الفقهیة والتفاسیر القرآنیة لا یجوز الا من
الکتب المتداولة لعدم الاعتماد علی غیرها من
وضع الزنادقة والحاق الملاحدة بخلاف الکتب المحفوظة
فان نسخها یکون صحیحة متعددة وقد حکی السیوطی
عن ابن الجوزی ان من وقع فی حدیثه الموضوع والکذب
والقلب انواع منهم من غلب علیه الزهد فغفل عن
الحفظ او ضاعت کتبه فحدث من حفظه فغلط فی نقله
ومنهم قوم ثقات لکن اختلط عقولهم او اخر اعمارهم
ومنهم من روی الخطأ سهوا فلما رأی الصواب و
ایقن لم یرجع انفة ان ینسبوه الی الغلط ومنهم زنادقة
وضعوا قصدا الی افساد الشریعة وایقاع الشک
والتلاعب بالدین وقد کان بعض الزنادقة یتقصد
الشیخ فیدس فی کتابه ما لیس من حدیثه ومنهم
من یضع لنصرة مذهبه ومنهم من یضع حسبة
ترغیبا وترهیبا ومنهم من جاز وضع الاسانید لکلام
حسن ومنهم من قصد التقرب الی السلطان ومنهم القصاص
لانهم یریدون احادیث ترقق وتنفق انتهی وروی
عن مالک قال دخلت علی المامون والمجلس خاص
باهله فاذا بین الخلیفة والوزیر خلل فجلست
بینهما فحدثته مرفوعا اذا ضاق المجلس علی اهله
کان ما بین مجلس عالم فی الذیل هو منکر ومالک

جریج سے روایت کی ہو ورنہ یہ تو امام جلیل القدر ہو اور کہا دیلمی نے کتاب
العروس کے ابی الفضیل جعفر بن محمد بن جعفر بن محمد بن علی بن حسین کے
سندین واہیات ہین اونپر کچھ اعتماد نہین ہے اور حدیثین اونکی منکر ہین
مین کہتا ہون قاعدہ کلیہ یہی کہ بیان کرنا کسی حدیث کا یا مسئلے فقہی
کا یا تفسیر قرآن کا سوا کتب متداولہ کی جائز نہین اسلئے کہ بسبب وضع
زنادیقے اور الحاق ملاحدہ کی سوا انکی کسی پر اعتماد نہین ہے بخلاف
کتب محفوظہ کی اسلئے کہ انکے نسخے صحیح اور بہت موجود ہین اور سیوطی نے
ابن جوزی سے حکایت کی ہو کہ جنکے حدیث مین وضع اور کذب اور
قلب واقع ہوا ہو کئی قسمین ہین بعض وہ ہین جنپر زہد غالب ہوا
تو حفظ سے غافل ہو گئے یا کتابین جاتی رہین تو یاد سے حدیثین بیان
کرنے لگے تو نقل مین غلطی کی اور بعض ثقہ لوگ ہین لیکن آخر
عمر مین انکے عقل مختلط ہو گئی اور بعض جگہ سہو سے خطا ہوا
پھر جب اونہے صواب معلوم کیا بسبب حمیت کی نہ لوٹ سکا تاکہ
لوگ اسکو غلطی کیطرف منسوب کرین اور بعض ایسے زندیق ہین جنہون
نے شریعت مین فساد ڈالنے کیلئے اور دین مین شک اور کھیل کرنیکے لئے
قصداً حدیثین بنائین - اور بعض زندیقون نے شیخ کہلانے کیلئے ایسی حدیثین
بیان کین جو کتاب مین نہین اور بعض ایسے ہین جنہون نے اپنے دین
کی نصرت کی لئے حدیثین بنائین - اور بعضون نے حسین کلام کرنیکے لئے
سندین وضع کین اور بعضون نے بادشاہ کا تقرب کرنے کے لئے - اور بعض
قصہ خوانون نے ایسی حدیثین جنمین نرمی اور خرچ کا ذکر تہا وضع کین
اور مالک سے روایت ہو کہ کہا اوس نے مین مامون پر داخل
ہوا اور مجلس اوسوقت خاص اپنے اہلون سے تھی ناگاہ خلیفہ
اور وزیر کے درمیان کچھ جگہ خالی تھے مین انکے درمیان بیٹھا
اور مین نے اونسے مرفوع حدیث بیان کی کہ جب مجلس مین تنگی
ہو تو دوسرا دونکے درمیان عالم کی جگہ ہے ذیل مین اور یہ منکر ہے مالک

لم یبق الا زمن الماسون وفی الذیل اخرج الحارث بن اسامة فی مسنده عن داؤد بن المحبر بضعا وثلاثین حدیثا قال العسقلانی کلها موضوعة منها ان الاحمق یصیب بحمقه اعظم من فجور الفاجر وانما یرتفع العباد غدا فی الدرجات وینالون الزلفی من ربهم علی قدر عقولهم ومنها افضل الناس اعقل الناس ومنها قیل یا رسول الله ما اعقل هذا النصرانی فزجره فقال مه ان العاقل من عمل بطاعة الله ووضع سلیمان بن عیسی بضعا وعشرین حدیثا منها قیل لعلقمة ما اعقل النصاری فقال ان ابن مسعود کان ینهانا ان نسمی الکافر عاقلا ومنها رکعتان من العاقل افضل من سبعین رکعة من الجاهل ولو قلت سبعمائة رکعة لکان کذالک ومنها ان عدی بن ابی حاتم اطری اباه وذکر من سودده وشرفه وعقله فقال علیه السلام ان الشرف والسودد والعقل فی الدنیا والاخرة للعامل بطاعة الله فقال یا رسول الله انه کان یقری الضیف ویطعم الطعام ویصل الارحام ویعین النوائب ویفعل ویفعل فهل ینفع ذلک شیئا قال لا ان اباک لم یقل قط رب اغفر لی خطیئتی یوم الدین وفی الذیل ایضا قصة رحیل بلال ثم رجوعه الی المدینة بعد رؤیته علیه السلام فی المنام واذانه بها وارتجاج اهل المدینة لا اصل له وهی بینة الوضع انتهی وکان ابن حجر المکی ما اطلع علیه وذکره فی کتاب ... الزیادة وفی الذیل ایضا انه علیه السلام

ماسون کے زمانہ تک جیتا نہیں رہا۔ اور ذیل میں ہے کہ حارث بن اسامہ نے مسند میں داؤد بن المحبر سے تیس پر چند حدیثیں روایت کی ہیں کہا عسقلانی نے کہ سب موضوع ہیں بعض انمیں سے یہ ہیں کہ احمق اپنے حمق کے سبب فاجر سے بڑھکر گناہ کرتا ہے قیامت کے دن آدمی بلند درجے اپنے رب سے اپنی اپنی عقل کے موافق حاصل کرینگے۔ بعض ان سے افضل آدمیون کا وہ ہے جو سب سے زیادہ عاقل ہو اور بعض انمیں سے نے پوچھا یا رسول اللہ نصرانیون سے کون زیادہ عاقل ہے فرمایا عاقل وہ ہے جو اللہ تعالے کی اطاعت کی موافق عمل کرے۔ اور سلیمان بن عیسے نے بیس سے زیادہ حدیثیں بنائی ہیں بعض انمیں یہ ہے علقمہ سے پوچھا گیا نصاری سے کون زیادہ عقلمند ہے کہا اوس نے چپ رہ اسلئے کہ ابن مسعود ہمکو منع کرتا تہا کہ کافر کو عقلمند کہیں اور بعض انمیں سے دو رکعت عاقل کے بہتر ہین جاہل کے ستر رکعت سے اگر مین سات سو رکعت کہون البتہ ایسا ہی ہے اور بعض انمیں عدی بن حاتم نے اپنے باپ کے صفت کے اور اوسکی سرداری و شرافت و عقل کا بیان کیا فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے شرافت و سرداری و عقل دنیا و آخرت مین اسکے لئے ہے جو اللہ تعالے کی اطاعت کرے پہر کہا اوس نے یا رسول اللہ وہ مہمانون کی ضیافت کرتا تہا اور صلہ رحم کرتا تہا اور سختی مین لوگون کی اعانت کرتا تہا اور ایسے ایسے اور کام کرتا تہا کیا اسکو اس سے کچھ نفع ہوگا فرمایا نہیں اسلئے کہ تیری باپ نے کبھی یہ کلمہ نہ کہا تہا یا اللہ میرے گناہ بخش دے اور بہی ذیل مین ہے بلال کی سفر کا قصہ پہر اسکا مدینہ کیطرف لوٹنا بعد دیکھنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خواب مین اور مدینہ مین اسکا اذان دینا اور مدینہ والونکا کانپنا۔ اس کا کچھ اصل نہیں اور اسکا موضوع ہونا ظاہر ہے انتہے اور ابن حجر مکی اسپر واقف نہیں ہوا اور اس نے اسکو کتاب الموضوع مین ذکر کیا ہے۔ اور یہہ ذیل مین ہے کہ آنحضرت

لما اراد ان يبني مسجد المدينة اتاه جبرائيل عليه
السلام فقال ابنه سبعة اذرع طولا في السماء غير
مزخرفة ولا منقشة لم يوجد وفيه ايضا انه عليه السلام
اذا كان يصلي ظن الظان انه جسد لا روح فيه وفي المختصر
رجلان من امتي ليقومان الى الصلوة وركوعهما
وسجودهما واحد وانما بين صلوتيهما كما بين السماء
والارض موضوع وفيه ايضا كان عليه السلام لا يجلس اليه
احد يصلي الا خفف صلوته واقبل عليه فقال الك حاجة
فاذا فرغ من حاجته عاد الى صلوته لم يوجد وفيه
لا يصح في صلوة الاسبوع شئ وفي ليلة الجمعة اثنتي
عشرة ركعة بالاخلاص عشر مرات باطل لا اصل له
ولها ركعتان باذا زلزلت خمسة عشرة مرة وفي
رواية خمسين مرة والكل منكر باطل ويوم الجمعة
ركعتان والاربع والاثنا عشر لا اصل له وقيل الجمعة اربع
ركعات بالاخلاص خمسين مرة لا اصل له وكذا
صلوة عاشوراء وصلوة الرغائب موضوع بالاتفاق
وكذا بقية صلوات ليالي رجب وليلة السابع والعشرين
من رجب وليلة النصف من شعبان مائة ركعة في كل ركعة
عشر مرات بالاخلاص ولا تغتر بذكرها في قوت
القلوب واحياء العلوم ولا بذكر الثعلبي في تفسيره
كذا في شرح الاوراد ثم في المواهب ما يذكره القصاص من
من ان القمر دخل في جيب النبي عليه السلام وخرج
من كمه فليس له اصل كما حكاه الشيخ بدر الدين الزركشي
عن شيخه العماد بن كثير وفي حيوة الحيوان للدميري
قال القرطبي يقال للصرد الصوام وروينا في معجم

صلوة الرغائب وغيرها

جب مسجد مدینہ کی بنائی شروع کی تو انکی پاس جبرائیل علیہ السلام
آئے کہا اسکو بناؤ سات گز لمبی جگہ آسمان مین ہے جو منقش نہین ہے
نہین پائی گئی اور اسی مین ہے کہ جب آنحضرت نماز پڑھتے تھے تو دیکھنے
والا گمان کرتا کہ بدن بلا روح ہے - اور مختصر مین ہے دو آدمی میرے
امت سے ایسے ہین جب نماز کیطرف کہڑی ہوتی ہین تو رکوع اور سجود
انکا یکسان معلوم ہوتا ہی حالانکہ دونونکی نماز مین آسمان زمین کا
فاصلہ ہی - اور یہی اسمین ہے کہ جب آنحضرت نماز پڑھتے اور کوئی
آدمی دوسرا انکی پاس جا بیٹھتا تو نماز مین تخفیف کرتی اور اوسکی طرف
متوجہ ہوتی اور پوچھتی کیا تجہکو کچہ حاجت ہے جب وسکی حاجت سی
فارغ ہوتی تو نماز کیطرف عود کرتے - نہین پائی گئی اور یہی اسمین
ہے کہ کوئی حدیث ان ایام کی نماز مین صحیح نہین ہے اور جمعہ کے رات
مین بارہ رکعت مین ہر ایک رکعت مین دس مرتبہ سورت اخلاص پڑہنی باطل
ہے اسکا کچہ اصل نہین اور ایسا ہی دو رکعت ہر ایک مین پندرہ مرتبہ اذا زلزلت
پڑہنا اور ایک روایت مین پچاس مرتبہ منکر باطل ہے - اور جمعہ کے دن دو رکعت اور
اور چار اور بارہ انکا کچہ اصل نہین اور پہلی جمعہ کی چار رکعت ہر ایک مین
پچاس مرتبہ سورت اخلاص پڑہنی - اسکا کچہ اصل نہین اور ایسا ہی عاشورہ کی نماز اور
رغائب کے نماز بالاتفاق موضوع ہے اور ایسا ہی باقی نمازین رجب کے ستائیسوین
رجب کے اور شعبان کے نصف مین سو رکعات ہر رکعت مین دس مرتبہ سورۂ اخلاص
پڑہنی اور انکا ذکر قوت القلوب اور احیاء العلوم مین اور ثعلبی کے
تفسیر مین دیکہ کر فریفتہ ہونا چاہیئے اور ایسا ہی جو شرح
اوراد اور مواہب مین کہ قصہ خوان ذکر کرتے ہین کہ چاند حضرت
کے جیب مین داخل ہو کر آستین سے خارج ہوا - اس کا
کچہ اصل نہین ہے - جیسا کہ شیخ بدر الدین زرکشی نے شیخ
عماد بن کثیر سے حکایت کی ہے اور حیات الحیوان دمیری مین
ہے کہا قرطبی نے چڑیون کے لئے روزی نام رکہا جاتا ہی - اور معجم

عبد الباقی ابن قانع عن ابی غلیظ امیہ بن خلف
الجمحی قال رآنی رسول اللہ علیہ السلام وعلی یدی
صرد فقال ہذا اول طائر صام یوم عاشوراء و
الحدیث مثل اسمہ غلیظ فقد قال الحاکم ہو من
الاحادیث التی وضعہا قتلۃ الحسین رضی اللہ عنہ
وہو حدیث باطل ورواتہ مجہولون انتہی واشتہر
بین العلماء ان زمان الرؤیا فی ایام الوحی کان ستۃ
اشہر فقد صرح التوربشتی بانہ لیس لہ اصل ووافقہ
النووی فی شرح مسلم واما ما اخرجہ الدولابی
عن الحسین بن علی قال کان راس رسول اللہ علیہ
السلام فی حجر علی وہو یوحی الیہ فلما سری عنہ قال یا
علی صلیت العصر قال لا قال اللہم انک تعلم انہ
کان فی حاجتک وحاجۃ رسولک فرد علیہ الشمس
فردہا علیہ فصلی وغابت الشمس فقد قال العلماء انہ
حدیث موضوع ولم ترد الشمس لاحد وانما حبست لیوشع
بن نون کذا فی ریاض النضرۃ فی مناقب العشرۃ الا
انہ ذکرہ فی الشفاء من روایۃ الطحاوی وبین وجہہ
فی شرحہ وکذا فی السیر علی وجہ الاستیفاء وقال
الشیخ الجوزی فی شرح المصابیح واما ما یزاد بعد
قولہ اللہم انت السلام ومنک السلام من نحو
الیک یرجع السلام فحینا ربنا بالسلام وادخلنا
دارک دار السلام فلا اصل لہ بل ہو مختلق بعض
القصاص وحکی الشیخ العلامۃ الزین العراقی اشتہر
بین العوام ان من قطع صلوۃ الضحی یترکہا احیانا
یعمی فصار کثیر منہم یترکہا اصلا لذلک ولیس

عبد الباقی بن قانع مین ابی غلیظ امیہ بن خلف جمحی سے ہی کہا
اوس نے مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی دیکھا اور میرے ہاتھہ پر چڑیا
تھی فرمایا یہ پہلا جانور ہی جس نی عاشورا کی دن روزہ رکھا تھا یہ روایت
نام کیطرح غلط ہی۔ کہا حاکم نے یہ ان حدیثوں سے ہی جو امام حسین کے قاتلون
نے بنائی ہین یہ حدیث باطل ہے اور راوی اسکے مجہول ہین اور عالمون
مین مشہور ہی کہ زمانہ خواب کا وحی کے وقت مین چہہ مہینہ تک تہا تو
پشتی نی تصریح کی ہے کہ اسکا کچہہ اصل نہین ہے اور نووی
شرح مسلم مین اسی کا تابع ہوا ہے لیکن جو دولابی نے حسین بن
علی سے روایت کی ہے کہ سر مبارک آنحضرت کا علی کی گود مین تہا اوس
آنحضرت کی طرف اوسوقت وحی ہو رہا تہا جب آنحضرت سے وحی کہل
گیا فرمایا ای علی تو نی نماز عصر کی پڑہی ہے کہا نہین اوسوقت آن
حضرت نی دعا کی یا اللہ تو جانتا ہے کہ یہ شخص تیری حاجت اور تیرے
رسول کے حاجت مین تہا اللہ تعالی نے سورج لوٹا یا پہر نماز پڑہی اور
سورج غروب ہوا کہا عالمون نے یہ حدیث موضوع ہے اور سورج
